بلوچستان کے عوام کا نمائندہ اخبار

Daily IMROZ Quetta A.B.C Certified

روزنامہ امروز کوئٹہ

چیف ایڈیٹر حکیم اکمل

جلد نمبر 13 | بروز منگل 25 جنوری 2021ء 21 جمادی الثانی 1443ھ | شمارہ 199 | قیمت 10

www.imroz.com.pk

طلباء کا مستقبل اور ہمیں اپنا مستقبل بہت عزیز ہے مظہر نیاز رانا

آپ طلباء وطالبات کے ساتھ کسی بھی قسم کی امتیازی سلوک ہونے نہیں دیا جائے گا، حکومت ہر سطح پر میڈیا اسٹوڈنٹس کے جائز حقوق کا دفاع کریگی، چیف سیکرٹری بلوچستان

ہر فورم پر طلباء کیلئے آواز اٹھائے گی، تاہم انہوں نے طلباء وطالبات سے اپیل کی کہ وہ اپنی تعلیم پر خصوصی توجہ مرکوز رکھیں اور کسی بھی طرح احتجاج کی آڑ میں اپنی تدریسی سلسلے کو منقطع نہ ہونے دے

کوئٹہ (خ ن) چیف سیکرٹری بلوچستان مظہر نیاز رانا سے پیر کے روز احتجاج پر بیٹھے مکران، خضدار اور لورالائی میڈیکل کالجز کے طلباء وطالبات کے ایک وفد نے ملاقات کی۔ اس موقع پر ممبر پاکستان میڈیکل کمیشن پروفیسر ڈاکٹر غلام رسول، مکران، خضدار اور لورالائی میڈیکل کالجز کے پرنسپلز اور طلباء وطالبات

بقیہ 2 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

سپریم کورٹ کی پہلی خاتون جج جسٹس عائشہ ملک نے اپنے عہدے کا حلف اٹھالیا

جسٹس عائشہ ملک اپنی قابلیت کی بنیاد پر جج بنی ہیں، ہم کسی چیز کا کریڈٹ نہیں لیں گے، جسٹس گلزار احمد

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ کی پہلی خاتون جج جسٹس عائشہ ملک نے اپنے عہدے کا حلف اٹھالیا، چیف جسٹس پاکستان جسٹس گلزار احمد نے جسٹس عائشہ ملک سے بطور سپریم کورٹ جج حلف لیا۔ پیر کو جسٹس عائشہ ملک کی حلف برداری کی تقریب سپریم کورٹ میں منعقد ہوئی۔

بقیہ 1 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

پاکستان رہنے آئی ہوں، اپوزیشن سے زیادہ گلے ہیں، ریحام خان

کرسی کا کھیل کھیلا جارہا ہے، اس سے دلچسپی نہیں ہے، میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم عمران خان کی سابقہ اہلیہ ریحام نے کہا ہے کہ پاکستان رہنے آئی ہوں، اپوزیشن سے زیادہ گلے ہیں، کرسی کا کھیل کھیلا جارہا ہے، اس سے دلچسپی نہیں ہے، افغانستان میں غذائی قلت دور کرنے کے لیے کام کرنا ہوگا، افغانستان کیلئے ریلیف کی فوری ضرورت

بقیہ 3 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

اسلام آباد، چیف جسٹس آف پاکستان جسٹس گلزار احمد سپریم کورٹ کی پہلی خاتون جج جسٹس عائشہ ملک سے حلف اٹھا رہے ہیں

بلوچستان اسمبلی اجلاس

اکنامک ریشنرز کی پریشر گیس کی ترسیل بحالی کا مطالبہ

اصولاً تو یہ ہونا چاہئے تھا کہ ملک کے باقی علاقوں سے سردی کے پیش نظر گیس کی کٹوتی کر کے کوئٹہ اور زیارت کو فراہمی کی جاتی لیکن ایسا نہیں ہوا، اراکین بلوچستان اسمبلی کا مطالبہ

کوئٹہ کراچی شاہراہ خونی شاہراہ بن، آئے روز خوفناک ٹریفک حادثات معمول بن چکے ہیں، یہ صوبائی حکومت اور وفاقی حکومت کا فرض ہے کہ وہ اس صورتحال کا نوٹس لے، اصغر ترین

کوئٹہ (این این آئی) صوبائی وزراء، حکومتی اور اپوزیشن ارکان اسمبلی نے صوبے میں گیس پریشر کی کمی پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے مطالبہ کیا ہے کہ صوبے میں گیس پریشر فوری طور پر بحال کیا جائے، پیر کو بلوچستان اسمبلی کا اجلاس ڈپٹی سپیکر سردار

بقیہ 4 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

شہزادا اکبر کے استعفے کی وجہ وزیراعظم کی ناراضی تھی، ذرائع

شیخ رشید نے نواز شریف کی واپسی سے متعلق سوال اٹھایا تھا جس پر شہزادا اکبر نے نواز شریف کی واپسی کو مشکل قرار دیا تھا

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم عمران خان کے معاون خصوصی برائے احتساب و داخلہ شہزادا اکبر کو ان کے عہدے سے ہٹانے کی وجہ سامنے آگئی جس کے مطابق شہزادا اکبر کے استعفے کی وجہ وزیراعظم کی ناراضی تھی۔ ذرائع کیم طابق کچھ روز قبل وزیراعظم

بقیہ 5 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

کورونا کیسز اضافے کے باوجود کاروباری سرگرمیاں بند نہیں ہونگی، وفاقی کابینہ

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی کابینہ نے ملک بھر میں کورونا وائرس کے بڑھتے کیسز کے باوجود کاروباری سرگرمیاں کسی صورت بند نہ کرنے کا

بقیہ 6 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

حیدرآباد، چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری کسان ٹریکٹر ریلی کے شرکاء سے خطاب کر رہے ہیں

محکمہ خوراک میں بوگس بھرتیاں، مبین خان کا اسمبلی اجلاس سے واک آؤٹ

صوبائی وزیر سائنس وٹیکنالوجی کا پریس کانفرنس کرنے، عدالت جانے اور وزیر کا پتلہ جلانیکا اعلان

ہر حلقے میں مداخلت کی گئی ہے شاید یہ پوسٹیں بک گئی ہوں اس معاملے کی شفاف انکوائری کرائی جائے، سینئر صوبائی وزیر خزانہ

کوئٹہ (این این آئی) صوبائی وزیر سائنس وٹیکنالوجی مبین خان خلجی نے محکمہ خوراک کی بھرتیوں میں مبینہ بدعنوانی کے معاملے پر اجلاس سے واک آؤٹ کرتے ہوئے پریس کانفرنس کرنے، عدالت جانے اور وزیر کا پتلہ جلانے کا اعلان کر دیا۔ پیر کو بلوچستان اسمبلی کے اجلاس میں پی ٹی آئی کے صوبائی وزیر سائنس وٹیکنالوجی مبین خان خلجی نے محکمہ فوڈ کی بھرتیوں میں مبینہ بدعنوانی کا معاملہ اٹھاتے ہوئے کہا کہ مختلف محکموں میں جو بھی اسامیاں آتی ہیں ان میں کوئٹہ کے نوجوانوں کے ساتھ بہت زیادتی ہوتی ہے محکمہ زراعت اور فوڈ میں

بقیہ 18 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

محکمہ قانون کی استعداد کار بڑھانے کیلئے اقدامات اٹھائے جائینگے، بلدی

سندھ کی طرز پر ہائیر ایجوکیشن کمیشن کے خودمختیار صوبائی ادارے کی تشکیل پر سنجیدہ غور کی ضرورت ہے، صوبائی پارلیمانی سیکرٹری قانون

کنزیومر کورٹ اور ہائیر ایجوکیشن کمیشن سمیت وفاقی وزرات قانون کی کئی زمہ داریاں صوبائی دائرہ اختیار میں آچکی ہیں جن پر قانون سازی کی ضرورت ہے

کوئٹہ (خ ن) پارلیمانی سیکرٹری قانون و پارلیمانی امور ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی نے کہا ہے کہ اٹھارویں ترمیم کے بعد ڈرگس کورٹ، کنزیومر کورٹ اور ہائیر ایجوکیشن کمیشن سمیت وفاقی وزرات قانون کی کئی زمہ داریاں صوبائی دائرہ اختیار میں آچکی ہیں جن پر قانون سازی کی ضرورت ہے، صوبائی اسمبلی میں ہونے والی قانون سازی کے تیکنیکی امور کو بہتر بنا کر مفاد عامہ کے قوانین کو معاشرتی ضروریات سے ہم آہنگ کرنا ضروری ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے سوموار کو یہاں محکمہ قانون و پارلیمانی امور کے اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے

بقیہ 7 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

بلوچستان اسمبلی اجلاس، 4 ارکان اسمبلی کی رخصت کی درخواستیں منظور کر لی گئیں

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان اسمبلی کے اجلاس میں 4 ارکان اسمبلی کی رخصت کی درخواستیں منظور کر

بقیہ 8 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

نوکنڈی میں شدید سردی کی لہر برقرار، سوختنی لکڑی وایل پی جی گیس کی قلت

نوکنڈی (نامہ نگار) نوکنڈی میں شدید سردی کی لہر برقرار، سوختنی لکڑی وایل پی جی گیس کی قلت، علاقہ مکین مشکلات سے دوچار تفصیلات کے مطابق

بقیہ 9 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

سلیکٹڈ حکومت کو ہٹا کر عوامی راج قائم کرنا ہوگا، بلاول بھٹو زرداری

اب بہت ہو چکا، پاکستان کو بچانے کیلئے ایک ہی راستہ اور حل بچا ہے کہ عمران خان کو جمہوری، آئینی اور قانونی طریقے سے ہٹانا ہوگا

جو کسانوں، مزدوروں اور عام آدمی کا راج ہوگا، اور اگر ایسا نہ ہوا تو تبدیلی کے نام تباہی ہوتی رہے گی، چیئرمین پیپلز پارٹی کا ٹریکٹر مارچ کے شرکاء سے خطاب

حیدرآباد (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ اب بہت ہو چکا، پاکستان کے کسانوں، زراعت اور معیشت کو بچانے کے لیئے ایک ہی راستہ اور حل بچا ہے کہ عمران خان کو جمہوری، آئینی اور قانونی طریقے سے ہٹانا ہوگا۔ ملک میں جاری کھاد کے بحران، فصلوں کی مناسب و منصفانہ قیمتیں نہ ملنے اور مہنگائی کے خلاف پی پی پی کی اپیل پر کسانوں کی جانب سے منعقدہ ٹریکٹر مارچ سے خطاب کرتے ہوئے پی پی پی چیئرمین نے کہا کہ سلیکٹڈ حکومت کو ہٹا کر عوامی راج قائم کرنا ہوگا، جو کسانوں، مزدوروں اور عام

بقیہ 17 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

حب، فیکٹری میں گیس پائپ لائن کے باعث دھماکہ، 11 مزدور زخمی

مزدوروں میں 4 کی حالت تشویشناک بتائی جاتی ہے

اوتھل (نمائندہ امروز) حب میں نذر چورنگی کے قریب نجی فیکٹری میں کام کے دوران گیس پائپ لائن میں لیکج کا دھماکہ 11 مزدور زخمی ہوگئے 4 کی

بقیہ 11 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

قلات کے علاقے بینچہ میں ٹریفک حادثہ، دو افراد جاں بحق، پانچ شدید زخمی

قلات (این این آئی) قلات کے علاقے بینچہ میں ٹریفک حادثہ میں دو افراد جاں بحق، پانچ شدید زخمی

بقیہ 10 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

سرد بلوچستان میں تیس فیصد زیتون تیل نکالا جائیگا، گورنر بلوچستان

دو ارب روپے کی مالیت کے منصوبے سے صوبہ بلوچستان کے زمینداروں کو مشینری اور دیگر سہولیات فراہم کی جائیں گی، ظہور آغا

بلوچستان کے متعدد اضلاع زیتون کی کاشت کیلئے موزوں ہیں اور یہ بات باعث مسرت ہے کہ زیتون کی ستر فیصد زاہد پیداوار یہاں سے ہوگی

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان سید ظہور احمد آغا نے بلوچستان ایگریکلچرل ریسرچ اینڈ ڈویلپمنٹ سینٹر میں زیتون کے پھل اور تیل کو پراسس کرنے کے جدید مرکز کا باقاعدہ افتتاح کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان میں زیتون کی اتنی بڑی آمدن نہ صرف ملکی معیشت کیلئے بلکہ صوبے کے معاشی استحکام کیلئے بھی بڑا قدم ہے۔ انہوں نے کہا کہ زراعت اور ریسرچ کے تمام ثمرات صوبے کے غریب کسانوں تک پہنچانا اولین شرط ہے۔ گورنر بلوچستان نے کہا کہ موجودہ حکومت کے عملی اقدامات کا سب سے بڑا ثبوت یہ ہے کہ پہلی مرتبہ بلوچستان بھر سے

بقیہ 19 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

حالیہ برفباری اور بارشوں سے علاقے کے عوام بہت نقصان پہنچا ہے، ظہور آغا

برشور اور دیگر متعلقہ علاقوں کو آبادی کے مطابق نئے ضلع کا درجہ جائے، وفد سے گفتگو

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان سید ظہور احمد آغا سے بلوچستان عوامی پارٹی کے رہنماء اسفند یار خان کاکڑ کی قیادت میں پیر کے روز گورنر ہاؤس کوئٹہ میں برشور

بقیہ 14 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

ثروب ایف سی کے زیر اہتمام فری میڈیکل کیمپ کا انعقاد

کیمپ میں نادار اور ضرورت مند افراد میں راشن اور گرم کپڑے تقسیم کیئے گئے

کوئٹہ (پ ر) فرنٹیئر کور بلوچستان نارتھ ثروب ملیشیاء کے زیر اہتمام باک-افغان سرحدی علاقے سمبازہ میں فری میڈیکل کیمپ کا انعقاد، کیمپ میں نادار اور

بقیہ 13 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

متحدہ عرب امارات کے شاہی خاندان کے افراد تلور کے شکار کیلئے پنجگور پہنچ گئے

پنجگور (این این آئی) متحدہ عرب امارات کے شاہی خاندان کے افراد تلور کے شکار کے لئے پنجگور پہنچ

بقیہ 12 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

آئین کو ڈی ریل کرنے کی کوشش کی جارہی ہے، خواجہ آصف

جتنی قربانیاں اے این پی نے دی ہیں، شاید ہی کسی اور پارٹی نے دی ہوں، خطاب

پشاور (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے سینئر رہنما اور سابق وزیر خارجہ خواجہ محمد آصف نے کہا ہے کہ آئین کو ڈی ریل کرنے کی کوشش کی جارہی ہے، چاہتے ہیں ملک میں ووٹ کی عزت بحال ہو۔ باچا خان مرکز میں سیمینار سے خطاب کرتے

بقیہ 15 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

بیوٹمز کے ملازمین کے مسائل حقیقی اور حل طلب ہیں، میر ظہور بلیدی

موجودہ حکومت نے جامعات کی گرانٹ کو ڈیڑھ ارب سے بڑھا کر اڑھائی ارب روپے کر دیا

بیوٹمز کے ملازمین کے مسائل حل کرنے کیلئے وزیراعلیٰ سے بات کرونگا، سینئر صوبائی وزیر محکمہ منصوبہ بندی وترقیات

کوئٹہ (این این آئی) سینئر صوبائی وزیر محکمہ منصوبہ بندی وترقیات میر ظہور بلیدی نے کہا ہے کہ موجودہ حکومت نے جامعات کی گرانٹ کو ڈیڑھ ارب سے بڑھا کر اڑھائی ارب روپے کر دیا گیا، بیوٹمز کے ملازمین کے مسائل حقیقی اور حل طلب ہیں جنہیں حل کرنے کیلئے وزیراعلیٰ سے بات کرونگا، یہ بات انہوں نے بلوچستان یونیورسٹی آف انفارمیشن ٹیکنالوجی انجینئرنگ اینڈ مینجمنٹ سائنسز (بیوٹمز) ایمپلائز کمیٹی کے وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کہی وفد نے سینئر صوبائی وزیر منصوبہ بندی وترقیات میر ظہور بلیدی کو بیوٹمز ملازمین کو ہاؤس ریکوزیشن، ڈسپرٹی

بقیہ 16 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

ہمارے پاس سپریم کورٹ کے جج کا اختیار ہے، اعجاز احمد قریشی

سزا بھی دے سکتے ہیں، وفاقی محتسب کے فیصلوں پر عملدرآمد نہ کرنیوالوں کیخلاف کارروائی کرینگے، مفاد عامہ کیلئے پبلک مقامات کے اچانک دورے بھی کئے جاسکتے ہیں

ادارے کو مزید فعال بنانے کیلئے کچھ نئے اقدامات بھی اٹھائیں گے جن میں از خود کارروائی اور بعض اداروں کے اچانک دورے بھی شامل ہیں، وفاقی محتسب کی پریس کانفرنس

اسلام آباد (خ ن) نئے وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے کہا ہے کہ وفاقی محتسب کے فیصلوں پر عملدرآمد نہ کرنے والوں کے خلاف کارروائی کریں گے، ہمارے پاس سپریم کورٹ کے جج کا اختیار ہے، سزا بھی دے سکتے ہیں۔ وفاقی محتسب کا دائرہ کار وسیع کرنے اور اس کی رٹ قائم کرنے کے لئے از خود نوٹس لئے جائیں گے اور مفاد عامہ کے لئے پبلک مقامات کے اچانک دورے بھی کئے جاسکتے ہیں۔ وفاقی محتسب کے دائرہ کار کو وسعت دینے کے لئے ایک ایڈوائزری کمیٹی بنائی جائے گی، جس میں سابق محتسب صاحبان، اعلیٰ عدالتوں کے جج، قا

بقیہ 22 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

وزیراعظم کا یہ کہنا مہنگائی کی وجہ سے نیند نہیں آتی مضحکہ خیز ہے، سراج الحق

لاہور (این این آئی) امیر جماعت اسلامی سراج الحق نے کہا ہے کہ وزیراعظم کا یہ کہنا کہ مہنگائی کی وجہ

بقیہ 20 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

الیکشن کمیشن نے وزیراعظم کو دورہ لوئر دیر سے روک دیا

اسلام آباد (این این آئی) الیکشن کمیشن آف پاکستان نے وزیراعظم عمران خان کو دورہ لوئر دیر سے روک دیا، اس حوالے سے الیکشن کمیشن نے

بقیہ 21 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

منشیات فروشوں کو با اختیار طبقوں کی آشیرباد حاصل ہے، ہدایت الرحمن

بلوچستان میں عوامی ترقی کاغذوں میں جبکہ حکمران بذات خود خاندان سمیت مالا مال ہوئے

عوام کیلئے وعدے اور دعوے اور حکمران عوام وسائل ہڑپ کرنے میں مصروف ہیں، قائد حق دو تحریک

کوئٹہ (این این آئی) حق دو تحریک کے قائد جماعت اسلامی کے صوبائی جنرل سیکرٹری مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے کہا کہ بلوچستان میں عوامی

بقیہ 23 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

زمینداروں کو زخیرہ اندوز کے رحم کرم پر ہرگز نہیں چھوڑینگے، ثناء ماہ جبین

سی کے زمینداروں کے مسائل کو حل کرنے میں کسی قسم کی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی

سی (اللہ داد) سی کے زمینداروں کے مسائل کو حل کرنے میں کسی قسم کی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی زمینداروں کو زخیرہ اندوز کے رحم کرم پر ہرگز نہیں چھوڑیں گے یوریا کھاد کی مصنوعی قلت کر کے من مانے ریٹ پر کھاد فروخت کرنے کی ہرگز

بقیہ 24 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

حکومت کا نواز شریف کی واپسی کا بیان حلفی دینے پر شہباز شریف کو خط لکھنے کا فیصلہ

اسلام آباد (این این آئی) اٹارنی جنرل آفس نے

بقیہ 26 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

پی ٹی آئی کے پارلیمانی لیڈر سردار یار محمد رند کوئٹہ پہنچ گئے

سیاسی رہنماؤں سے ملاقاتیں، صوبے کی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے بلوچستان اسمبلی میں پارلیمانی لیڈر سردار یار محمد رند کوئٹہ پہنچ گئے، سیاسی رہنماؤں سے ملاقاتیں کیں جن

بقیہ 25 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

پی آئی اے کی ٹورنٹو پرواز پر تعینات فضائی میزبان ہوٹل سے غائب ہوگیا

کراچی (این این آئی) پی آئی کی ٹورنٹو پرواز پر

بقیہ 27 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

گورنر بلوچستان سید ظہور آغا بلوچستان ایگریکلچرل ریسرچ اینڈ ڈویلپمنٹ سینٹر میں لگایا گیا زیتون باغ کا معائنہ کر رہے ہیں

پارٹی میں دھڑے بندی پارٹی کو تباہ کرسکتی ہے، پرویز خٹک

جس کسی نے ٹکٹوں کی تقسیم میں پارٹی کا فیصلہ نہ مانا تو ان کو سبق سکھائیں گے، وزیر دفاع

لوئر دیر (این این آئی) وزیر دفاع اور تحریک انصاف

بقیہ 28 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

ملک وقوم کو بچانے کا واحد راستہ جمہوریت اور جمہوری اقدار ہیں، ایمل ولی خان

پاکستان میں جمہوریت اور جمہوری اقداروں کے ساتھ کھلواڑ کیا جارہا ہے، سیمینار سے خطاب

پشاور (این این آئی) باچا خان ٹرسٹ اور عوامی

بقیہ 29 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں



حلقہ انتخاب ضلع زیارت و ہرنائی میں صحت، تعلیم، کھیل اور روڈ انفراسٹرکچر کے شعبوں میں ریکارڈ ترقیاتی منصوبوں پر منظور کرائے ہے

بڑے بڑے عوامی منصوبوں کے علاوہ دیہی علاقوں میں نئے سکولوں، مراکز صحت کی تعمیر آپ گریڈیشن سمیت مختلف عوامی منصوبوں پر کام جاری ہے

کوئٹہ (پ ر) سینئر صوبائی وزیر خزانہ حاجی نور محمد خان دمڑ نے کہا ہے کہ حلقہ انتخاب ضلع زیارت و ہرنائی میں صحت، تعلیم، کھیل اور روڈ انفراسٹرکچر کے شعبوں میں ریکارڈ ترقیاتی منصوبوں پر منظور کرائے ہے بڑے بڑے عوامی منصوبوں کے علاوہ دیہی علاقوں میں نئے سکولوں، مراکز صحت کی تعمیر آپ گریڈیشن سمیت مختلف عوامی منصوبوں پر کام جاری ہے اس کے علاوہ محکمہ تعلیم، محکمہ صحت، لیویز، پولیس

بقیہ 30 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

کوئٹہ، پارلیمانی سیکرٹری اطلاعات سماجی بہبود وغیر رسمی تعلیم بشریٰ رند اسمبلی اجلاس میں اظہار خیال کر رہی ہیں

این سی او سی نے قرنطینہ کی مدت کم کردی

مساجد اور عبادت گاہوں میں ایس او پیز پر عملدرآمد یقینی بنایا جائے، این سی او سی کی ہدایت

اسلام آباد (این این آئی) این سی او سی نے قرنطینہ کی مدت کم کردی۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق این سی او سی نے کووڈ 19 کے مریضوں کے لیے قرنطینہ کی

بقیہ 35 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

رانا شمیم کیس میں شریف فیملی نے عدلیہ پر اثر انداز ہونے کی کوشش کی، فواد چوہدری

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات فواد چوہدری نے کہا ہے کہ رانا شمیم کیس

بقیہ 33 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

پاکستان سمیت دنیا بھر میں تعلیم کا عالمی دن منایا گیا

کراچی (این این آئی) پاکستان سمیت دنیا بھر میں 24 جنوری کو تعلیم کا عالمی دن منایا گیا، اقوام متحدہ

بقیہ 32 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

استعفے کا مجھے نہیں پتہ، شیخ رشید شہزادا اکبر کے مستعفی ہونے سے لاعلم نکلے

اپوزیشن ایک بار نہیں تین بار آجائیں عمران خان پانچ سال پورے کرے گا، وزیر داخلہ

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ شیخ رشید وزیراعظم کے معاون خصوصی برائے احتساب و داخلہ شہزادا اکبر کے مستعفی ہونے سے لاعلم نکلے اور کہا

بقیہ 34 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

پی ٹی آئی کے پارلیمانی لیڈر سردار یار محمد رند کوئٹہ پہنچ گئے

سیاسی رہنماؤں سے ملاقاتیں، صوبے کی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے بلوچستان اسمبلی میں پارلیمانی لیڈر سردار یار محمد رند کوئٹہ پہنچ گئے، سیاسی رہنماؤں سے ملاقاتیں کیں جن

بقیہ 25 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

اسلام آباد، وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی وفاقی محتسب سیکرٹریٹ کی 39 ویں سالگرہ پر پریس کانفرنس کر رہے ہیں

پاکستان مراکو کے ساتھ اپنے تعلقات کو اہمیت دیتا ہے، آرمی چیف

ہم مشترکہ مفادات کی بنیاد پر باہمی مفاد پر مبنی کثیر الجہتی تعلقات کو مزید فروغ دینے کے خواہاں ہیں جنرل قمر جاوید باجوہ

جنرل باجوہ سے مراکو کے سفیر کی ملاقات کی، باہمی دلچسپی کے امور، دوطرفہ دفاعی، سیکورٹی تعاون اور افغانستان سمیت علاقائی سیکورٹی صورت حال پر تبادلہ خیال

راولپنڈی (آن لائن) آرمی چیف جنرل قمر جاوید باجوہ سے مراکو کے پاکستان کیلئے سفیر محمد کارمو نے ملاقات کی ہے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق جی ایچ کیو راولپنڈی میں ہونیوالی ملاقات میں باہمی دلچسپی کے امور، دوطرفہ دفاعی، سیکورٹی تعاون اور افغانستان سمیت علاقائی سیکورٹی صورت حال پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ آرمی چیف نے کہا کہ پاکستان مراکو کے ساتھ اپنے تعلقات کو اہمیت دیتا ہے اور ہم مشترکہ مفادات کی بنیاد پر باہمی مفاد پر مبنی کثیر الجہتی تعلقات کو مزید فروغ دینے کے خواہاں ہیں۔ مراکو کے سفیر نے افغان صورتحال میں پاکستان کے کردار

بقیہ 31 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

1 لقیمہ

سامنے رکھتے تو ذرا بھی کوشش کرتے پتہ چلتا حکومت کی ہوش ٹھکانے آ جاتی ہے ہم نے صبر کا دامن تھاما تھا ہم صبر کی بھی ایک حد ہوتی ہے جس دن ذرا بھی بے صبر کی حد پار کر دیتے تو ہم ذرا بھی باہر سامنے نکلتے کوئی پوچھ رہا ہوتا انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں بیٹھ کر ساحت کی تحقیقات روکی گئی ڈکری میں پھینکا دیا جاتا ہے اس پہلے چمن میں بھی یہی نشانہ بنایا ہے کہ جتنے بھی ہمارے کے ساتھی شہید اور زخمی ہوئے لیکن حکومت نے آج تک اس تحقیقات رپورٹ کو منظر پر نہیں لایا گیا ہے اور پھر سنگین کارنامے کو جلسے میں اعلان کیا گیا کہ ہم کارنامے شہید اور زخمی ہوئے حکومت نے آج پھر مظہرمان کی تعین تھیں کی اسی طرح قدوس بزنجو کا یہ رویہ رہا تو عمل حکومت کی طرح قدوس بزنجو بھی دیر تک کہتے رہے کہ ذرا رہنے دیں کہ بلوچستان کی ساحت کا کوئی درد ہے اسی لیے انہوں نے کہا کہ سانس لینا کی دھماکہ شہید نہیں ہوئے ہیں

روزنامہ امروز کوئٹہ

روزنامہ امروز کوئٹہ بروز منگل 25 جنوری 2022ء

شام میں جیل سے اپنے قیدی چھڑانے کی داعش کی کوشش ناکام رہی، امریکا

آپریشن کر کے تنظیم نے اپنے بہت سے ارکان کو موت کی سزا جاری کی ہے، جن قیدیوں نے اس آپریشن میں حصہ نہیں لیا تھا انہیں سیکیورٹی فراہم کی جائے گی، ترجمان بین الاقوامی اتحاد

جب داعش کے زیر حراست افراد نے ہتھیار اٹھائے، تو وہ ایک فعال خطرہ بن گئے، پھر وہ ہمارے ساتھ تصادم میں آ گئے اور شامی ڈیموکریٹک فورسز اور اتحاد کے فضائی حملوں میں مارے گئے

واشنگٹن (این این آئی) داعش کے خلاف بین الاقوامی اتحاد میں مشترکہ ٹاسک فورس کے کمانڈر جان برینن نے کہا ہے کہ ان کی افواج نے تنظیم کے خلاف غویران جیل (حسکہ میں) کے خلاف سلسلہ وار حملے کیے ہیں۔ یہ حملے اس وقت کیے گئے جب داعشی جنگجوؤں نے غویران جیل پر دھاوا بول کر اپنے جنگجوؤں کو چھڑانے کی کوشش کی تھی۔ اس کارروائی میں داعش نے جیل کے سیکیورٹی عملے کے متعدد اہلکاروں کو اغوا کر لیا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق بین الاقوامی اتحاد کے ایک بیان میں برینن نے داعش کی قیادت میں آپریشن کو ایک مایوس کوشش قرار دیتے ہوئے کہا گیا کہ تنظیم نے اپنے بہت سے ارکان کو موت کی سزا جاری کی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ بین الاقوامی اتحاد کسی بھی خطرے کے خلاف اپنے اور اپنی شراکت دار افواج کے دفاع کا حق محفوظ رکھتا ہے اور یہ کہ وہ ان قوتوں کے تحفظ کے لیے اپنی طاقت میں ہر ممکن کوشش کرتا رہے گا۔ انہوں نے مزید کہا کہ جب داعش کے زیر حراست افراد نے ہتھیار اٹھائے، تو وہ ایک فعال

بقیہ 3 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

مرجان 17 کے نام سے سعودی اور مصری فوج کی سمندری مشقیں شروع

ریاض (این این آئی) سعودی عرب اور مصر نے شاہ فیصل سی بیس میں سمندری فوجی مشقیں شروع کر دیں۔ ان مشقوں کو مرجان 17 کا کوڈ نام دیا گیا ہے۔ عرب ٹی وی کے مطابق مملکت کے مغربی بحری بیڑے کے کمانڈر میجر جنرل یحیی العسیری نے کہا کہ سمندری مشقوں کا مقصد مصر اور سعودی عرب کی سمندری افواج کے درمیان حربی استعداد کا معیار بلند کرنا، تعاون کو فروغ دینا اور باہمی تعلقات کو مزید مضبوط بنانا ہے۔ العسیری نے کہا کہ ان مشقوں کی بدولت خطے میں ابھرنے والے خطرات سے نمٹنے کے لیے فریقین عسکری تصورات میں

بقیہ 1 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

قاہرہ اور پیرس کے ہوائی اڈوں کے درمیان پہلی ماحول دوست پرواز

ایجپٹ ایئر نے پلاسٹک کی ایسی 27 مصنوعات کی نشاندہی کی جنہیں ایک بار استعمال کیا جا سکتا ہے

مقصد پائیدار ترقی کے حصول کیلئے مصری حکومت کے منصوبوں کو آگے بڑھانا ہے، مصری شہری ہوابازی

قاہرہ (این این آئی) مصری وزارت شہری ہوابازی نے فرانس کے دارالحکومت پیرس کے لیے ماحول دوست خدمات اور مصنوعات کے ساتھ پہلی پرواز کے فلائٹ آپریشن کا اعلان کیا ہے۔ افریقی براعظم میں کسی ایئر لائن کے لیے یہ اپنی نوعیت کی پہلی ماحول دوست پرواز ہوگی۔ اس کا مقصد پائیدار ترقی کے حصول کے لیے مصری حکومت کے منصوبوں کو آگے بڑھانا ہے۔ مصر ائیر کی ہولڈنگ کمپنی کے سربراہ پائلٹ عمرو ابوالعینین نے کہا کہ قومی کمپنی کی جانب سے ماحول دوست خدمات اور مصنوعات کے ساتھ اس پرواز کا انعقاد کمپنی کی سماجی ذمہ داری

بقیہ 2 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

ثروب، الیف سی کے زیر اہتمام منعقدہ فری میڈیکل کیمپ میں مریضوں کا معائنہ کرنے کے بعد مفت ادویات فراہم کی جا رہی ہیں

اسرائیل کی الٹرا آرتھوڈاکس پارٹی کے لیڈر بدعنوانی پر پارلیمان کی رکنیت سے مستعفی

ڈیل کے تحت ڈیری ٹیکس کے معمولی جرائم کا اعتراف کر کے معمولی جرمانہ ادا اور جیل جانے سے بچ جائیں گے

ان پر رشوت ستانی، دھوکا دہی اور اعتماد کی خلاف ورزی کے الزامات ہیں لیکن وہ کسی بھی غلط کام کی تردید کرتے ہیں، مقامی میڈیا

تل ابیب (این این آئی) اسرائیل میں انتہائی قدامت پسند (الٹرا آرتھوڈاکس) یہودی کی سب سے بڑی جماعت کے رہنما نے ٹیکس فراڈ کیس میں استغاثہ کے ساتھ سودے بازی کے بعد اتوار کے روز پارلیمنٹ کی رکنیت سے استعفا دے دیا ہے۔ مقامی میڈیا رپورٹس کے مطابق سابق وزیراعظم بنیامین نیتن یاہو کی حکومت میں وزیر داخلہ کے طور پر خدمات انجام دینے والے ارتیج ڈیری اسرائیلی پارلیمان میں نونشستوں کی حامل شاس پارٹی کی قیادت کر رہے ہیں۔ شاس 120 ارکان پر مشتمل کنیست میں تیسری بڑی جماعت

بقیہ 4 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

پارلیمانی سیکرٹری بشریٰ رند اور رکن صوبائی اسمبلی نوابزادہ گہرام بگٹی اسمبلی اجلاس میں بات چیت کر رہے ہیں

اوسلو مذاکرات طالبان وفد کی افغان سول سوسائٹی سے ملاقات

ملاقات میں افغانوں کا مشترکا ملک ہونے کی یقین دہانی ہوئی اور افغانستان کی سیاسی، معاشی اور سلامتی کی صورتحال پر تمام افغانوں کے مل کر کام کرنے پر زور دیا گیا، ذبیح اللہ مجاہد

افغانستان میں امریکی شہری نے ترجمان طالبان کے ہاتھوں اسلام قبول کر لیا، اسلام قبول کرتے وقت امریکی شہری کی آنکھوں میں آنسو تھے اور کلمہ پڑھنے کے بعد وہ طالبان کے گلے لگ گئے

اوسلو/ کابل (این این آئی) ناروے میں طالبان وفد کی افغان سول سوسائٹی کے ارکان سے ملاقات ہوئی ہے۔ ملاقات میں افغانستان کے تمام افغانوں کا مشترکا ملک ہونے کی یقین دہانی ہوئی اور افغانستان کی سیاسی، معاشی اور سلامتی کی صورتحال پر تمام افغانوں کے مل کر کام کرنے پر زور دیا گیا میڈیا رپورٹس کے مطابق ترجمان طالبان ذبیح اللہ مجاہد کا کہنا تھا کہ ملاقات میں افغانستان کے تمام افغانوں کا مشترکا ملک ہونے کی یقین دہانی ہوئی اور افغانستان کی سیاسی، معاشی اور سلامتی کی صورتحال پر تمام افغانوں کے مل کر کام کرنے پر زور دیا گیا۔ ملاقات میں موجود تمام شرکا نے یک آواز ہو کر ایسے اجلاسوں کو ملکی مفاد میں قرار دیا۔ واضح رہے کہ طالبان وفد وزیر خارجہ امیر خان متقی کی قیادت میں مغربی رہنماؤں سے تین روزہ مذاکرات کے لیے گزشتہ روز ناروے کے دارالحکومت اوسلو پہنچا۔ طالبان حکام ناروے حکام کے علاوہ امریکا، یورپی یونین اور دیگر ممالک کے نمائندوں سے بھی ملاقات کریں گے۔ دریں اثناء امارت

بقیہ 5 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

لڑکیوں کی تعلیم سے کوئی مسئلہ نہیں، افغان وزارت تعلیم

کابل (این این آئی) ترجمان افغان وزارت تعلیم عزیز احمد نے کہا ہے کہ افغانستان میں لڑکیوں کے ہائی اسکول مارچ سے دوبارہ کھلیں گے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق افغان وزارت تعلیم کے ترجمان عزیز احمد نے اپنے ایک بیان میں بتایا

بقیہ 8 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

چین کے 39 جنگی طیاروں کی تائی وان کی فضائی حدود کی خلاف ورزی

تائی پے (این این آئی) تائیوان نے اپنی جنوب مغربی فضائی حدود میں 39 چینی جنگی طیاروں کی ایک ساتھ داخل ہونے کی اطلاع دی ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق تائی پے حکومت نے بتایا کہ ان طیاروں میں ایک بمبار طیارہ بھی شامل

بقیہ 7 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

یوکرائن کے لیے یورپی یونین کا سوا ارب یورو کا امدادی پیکیج کا اعلان

برسلز (این این آئی) یورپی یونین نے کیف کے لیے ایک اعشاریہ دو ارب یورو کے مالی امدادی پیکج کا اعلان کیا ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق یورپی کمیشن کی سربراہ ارزولا فان ڈیئر لائن نے برسلز میں صحافیوں کو بتایا کہ یوکرائن کے روس کے ساتھ

بقیہ 13 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

امریکا کا یوکرین میں سفارتی عملے کے اہل خانہ کو ملک چھوڑ دینے کا حکم

واشنگٹن (این این آئی) امریکا نے روسی فوجی کارروائی کے مسلسل خطرے کے پیش نظر یوکرائن

بقیہ 14 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

عراق کے خام تیل کی مانگ میں اضافہ، مارچ کیلئے ترسیل کا شیڈول تیار

ابھی یہ کہنا قبل از وقت ہوگا کہ عالمی مارکیٹ میں تیل کی قیمتیں 100 ڈالر فی بیرل سے تجاوز کریں گی یا نہیں

فروری میں عراق کی تیل کی اوسط برآمدات بڑھ کر 33 لاکھ بیرل یومیہ تک پہنچنے کا امکان ہے، حکام

بغداد (این این آئی) عراق کے تیل کی مارکیٹنگ کے سرکاری ادارے نے عالمی مارکیٹ میں خام تیل کی زبردست مانگ کے پیش نظر مارچ میں پیداوار کی ترسیل کا شیڈول پہلے سے طے کر لیا ہے اور اس کے مطابق خام تیل برآمد کیا جائے گا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق اسٹیٹ آرگنائزیشن برائے تیل مارکیٹنگ (ایس او ایم او) کے نائب سربراہ علی نزار نے صحافیوں سے گفتگو میں کہا کہ ابھی یہ کہنا قبل از وقت ہوگا کہ عالمی مارکیٹ میں تیل کی قیمتیں 100 ڈالر فی بیرل سے تجاوز کریں گی یا نہیں۔ البتہ کچھ تجزیہ کاروں نے قیمتوں میں

بقیہ 6 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

کوہلو، ملک میں بڑھتی ہوئی مہنگائی اور قلت کھاد کے خلاف پی پی پی کوہلو کی جانب سے ریلی نکالی جا رہی ہیں

دالبندین، لیویز فورس کی کارروائی میں پکڑے گئے ہتھیاروں کے متعلق کمشنر عرفان خلجی تفصیلات بتا رہے ہیں

اسرائیلی وزیر خارجہ اور فلسطینی ذمے دار کے درمیان پہلی ملاقات

تل ابیب (این این آئی) اسرائیلی وزیر خارجہ یائر لیپڈ نے فلسطینی اتھارٹی کے وزیر برائے شہری امور حسین الشیخ سے ملاقات کی ہے۔ یہ اسرائیلی وزیر اور کسی فلسطینی عہدے دار کے بیچ پہلی سرکاری اعلانیہ ملاقات ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق اس

بقیہ 16 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

ہمارے شہریوں کی رہائی کے بغیر ایران جوہری معاہدہ مشکل ہے، امریکی سفارتکار

واشنگٹن (این این آئی) امریکا 2015 کے ایران جوہری معاہدے کو بچانے کے لیے اس وقت تک کوئی سمجھوتہ نا کرے جب تک تہران ان چار امریکی شہریوں کو رہا نہیں کر دیتا جسے اس نے یرغمال بنا رکھا ہے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق یہ بات ایران کے لیے امریکا کے خصوصی سفیر رابرٹ میلی نے خبر رساں ایجنسی کے ساتھ بات کرتے

بقیہ 17 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

سعودی عرب میں ہر گھنٹے سات طلاقوں کے کیسز رپورٹ

گزشتہ دس برسوں کے دوران طلاق کے کیسز میں 60 فیصد اضافہ ہوا، جنرل اتھارٹی برائے شماریات

ریاض (این این آئی) سعودی عرب میں طلاق کے رجحان میں خطرناک حد تک اضافہ سامنے آیا ہے، سعودی عرب میں ہر گھنٹے طلاق کے سات واقعات رپورٹ ہوتے ہیں۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق جنرل اتھارٹی برائے شماریات نے بتایا کہ 2022 میں، طلاق کے کیسز میں ہوشربا اضافہ دیکھنے میں آیا ہے، ملک میں ہر گھنٹے 7 طلاقیں ہو رہی

بقیہ 18 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

سالگرہ پر کیٹ مڈلٹن نے 25 لاکھ پاؤنڈ کی بالیاں پہنیں، ماہرین زیورات

ہیرے اور شفافی موتیوں پر مشتمل بالیوں کی ایک جوڑی کی قیمت عام طور پر 20 سے 25 ہزار پاؤنڈز ہوگی، گفتگو

لندن (این این آئی) ڈچز آف کیمبرج، شہزادی کیتھرین مڈلٹن 40 ویں سالگرہ کے پورٹریٹس میں جو بالیاں پہنے نظر آ رہی ہیں، ان کی قیمت سامنے آ گئی ہے۔ بین الاقوامی میڈیا کی رپورٹ میں یہ بات سامنے آئی ہے کہ زیورات کے ماہرین کے مطابق کیٹ مڈلٹن اپنی سالگرہ کے پورٹریٹس میں جو ہیرے کی بالیاں پہنے نظر آ رہی ہیں ان کی قیمت

بقیہ 19 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

بھارت، دولہے کے تھپڑ کے بعد دلہن نے اپنے کزن سے شادی کر لی

دلہن کے والد اس بات پر ناراض ہوئے کہ دولہے نے ان کی بیٹی کو تھپڑ مارا، بھارتی میڈیا

نئی دہلی (این این آئی) پڑوسی ملک بھارت میں دولہے نے کزن کے ساتھ ڈانس کرنے پر اپنی دلہنیا کو تھپڑ رسید کر دیا جس کے بعد شادی منسوخ ہو گئی مگر دلہن نے اگلے ہی روز اس ہی کزن سے شادی کر لی۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق یہ واقعہ بھارت کی ریاست تامل ناڈو میں پیش آیا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق دولہا اور دلہن نے 20 جنوری کو شادی کرنے

بقیہ 20 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

بارسلونا میں کورونا کی وجہ سے بند پاکستانی قونصل خانہ کل دوبارہ کھلے گا

آج سے ہیلپ ڈیسک کام کریگا جبکہ بدھ سے باقی ماندہ کام شروع کر دیے جائیں گے، قونصل خانہ

بارسلونا (این این آئی) کورونا کیسز سامنے آنے کی وجہ سے بند کیا جانے والا قونصل خانہ 26 جنوری سے کھول دیا جائے گا۔ عرب ٹی وی کے مطابق

بقیہ 21 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

شام میں کردفورسز کا ترکی پر افراتفری پھیلانے کا الزام

ترکی ہماری فوج پر حملہ کرنے کے لیے داعش کے عناصر کی حمایت کرتا ہے، شامی کردفورسز

دمشق (این این آئی) شام کی ڈیموکریٹک فورسز (ایس ڈی ایف) نے بتایا ہے کہ ترکی ہمارے زیر کنٹرول علاقوں میں افراتفری پھیلانے کے مفادات کے تحت کام کر رہا ہے۔ ترکی ان کی فوج پر حملہ کرنے کے لیے داعش کے عناصر کی حمایت کرتا ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق ایس ڈی ایف نے مزید کہا کہ اس کی فورسز نے حسکہ میں رہائشی محلوں

بقیہ 10 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

واٹس ایپ چیٹ ہسٹری ایک کلک پر اینڈرائیڈ سے آئی فون منتقل کرنا ممکن

فیچر آئی او ایس بیٹا صارفین کے لیے متعارف کرایا گیا ہے کامیاب آزمائش کے بعد تمام صارفین استعمال کرینگے

سان فرانسسکو (این این آئی) پیغام رسانی کے لیے استعمال ہونے والی موبائل ایپلیکیشن واٹس ایپ نے اینڈرائیڈ سے آئی او ایس آپریٹنگ سسٹم پر چیٹ ہسٹری کی سہولت آزمائشی طور پر پیش کر دی۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق واٹس ایپ نے یہ فیچر آزمائشی طور پر متعارف کرایا، جس کے تحت واٹس ایپ صارفین ایک کلک پر چیٹ ہسٹری

بقیہ 9 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

مالی میں مارٹر گولے کے حملے سے فرانسیسی فوجی ہلاک ہو گیا

فرانسیسی صدر میکرون کا بریگیڈیئر الیگزینڈر مارٹن کی ہلاکت پر گہرے دکھ کا اظہار

بماکو (این این آئی) افریقی ملک مالی میں فوجی کیمپ پر مارٹر گولے کے حملے میں ایک فرانسیسی فوجی ہلاک ہو گیا۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق فرانسیسی صدارتی محل سے جاری بیان میں کہا گیا کہ فرانسیسی صدر میکرون نے بریگیڈیئر الیگزینڈر مارٹن کی ہلاکت پر گہرے دکھ کا اظہار کیا ہے۔ خیال رہے کہ 2012 میں مغربی افریقی ملک کے مالی کے شمالی

بقیہ 11 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

امریکی شہری کتے کو بچانے کے لیے جنگلی ریچھ سے لڑ پڑا، ویڈیو وائرل

مالک نے فوراً اپنے کتے کو پکڑا اور ریچھ کو بھگانے کی کوشش کی جس کی وجہ سے کتے کی جان بچ گئی

واشنگٹن (این این آئی) امریکی ریاست فلوریڈا میں شہری نے اپنی جان خطرے میں ڈال کر پالتو کتے کو بچا لیا۔ امریکی میڈیا رپورٹس کے مطابق امریکا سے تعلق رکھنے والے شہری کے گھر میں ریچھ داخل ہوا اور تین پالتو کتوں میں سے ایک کو لے جانے کی کوشش کی جس پر مالک نے حاضر دماغی کا مظاہرہ کیا اور اپنے کتے کو بچا لیا۔ مالک نے فوراً اپنے کتے

بقیہ 12 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

شام میں داعش اور کردفورسز کے درمیان جھڑپیں، 136 افراد ہلاک

ہسا شہر میں عسکریت پسندوں نے اپنے قیدی آزاد اور جیل میں ذخیرہ ہتھیاروں پر قبضہ کر لیا، شامی آبزرویٹری

لندن/ دمشق (این این آئی) جنگی جرائم پر نظر رکھنے والے ایک ادارے نے بتایا ہے کہ شام میں امریکا کی حمایت یافتہ کردفورسز اور شدت پسند داعش (آئی ایس) کے جنگجوؤں کے درمیان چوتھے روز بھی لڑائی جاری رہی جنہوں نے ایک جیل پر حملہ کیا، جس میں عام شہریوں سمیت 136 افراد ہلاک ہو گئے۔ عالمی خبر رساں ادارے کے مطابق ہسا کے

بقیہ 15 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

چیف سیکرٹری بلوچستان مطہر نیاز رانا سے مکران، خضدار اور لورالائی میڈیکل کالجز کے طلباء و طالبات ملاقات کر رہے ہیں

امریکی بحریہ نے ایران کا دھماکا خیز مواد لے جانیوالا جہاز روک لیا

یمن کی طرف جانے والے جہاز سے 40 ٹن یوریا کھاد برآمد کر لی، امریکی بحریہ کا بیان

تاریخی طور پر یمن میں حوثیوں کو ہتھیاروں کی آمد و رفت کے لیے استعمال ہونے والے راستے پر یہ جہاز سفر کر رہا تھا

واشنگٹن (این این آئی) امریکی بحریہ نے 40 ٹن کھاد لے جانے والے ایک جہاز کو بین الاقوامی پانیوں میں روک لیا ہے۔ اس کھاد کو دھماکا خیز مواد کی تیاری میں استعمال کیا جا سکتا ہے۔ اس جہاز کو ایران سے اسی بحری راستے سے لے جایا جا رہا تھا جو اس سے قبل یمن میں ایران کی حمایت یافتہ حوثی ملیشیا کو ہتھیار اسمگل کرنے کے لیے استعمال کیا جاتا تھا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق امریکی بحریہ نے ایک بیان میں بتایا کہ اس نے جہاز پر سوار ہو کر اس کی مکمل تلاشی لی ہے۔ اسی جہاز کو گذشتہ سال ہزاروں ہتھیار لے جاتے ہوئے پکڑا گیا تھا اور

بقیہ 25 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

تعز اور مارب میں سرکاری فوج اور حوثیوں کی جھڑپیں، 49 افراد ہلاک

یمنی فوج کا تعز اور مارب میں نئی زمینی پیش قدمی کا اعلان، باغی کئی مقامات پر پسپا ہو گئے، فیلڈ ذرائع

صنعاء (این این آئی) یمنی فوج نے ایران نواز حوثی ملیشیا کے ساتھ پرتشدد لڑائی میں تعز اور مارب میں نئی زمینی پیش قدمی کا اعلان کیا ہے۔ ان محاذوں پر تصادم اب بھی جاری ہے، فضائی حملوں کے نتیجے میں حوثی ملیشیا کی صفوں میں 49 افراد ہلاک اور 100 سے زائد زخمی ہو گئے اور ان کی گاڑیوں کو بھی نقصان پہنچا ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق یمنی فوج کی سرکاری ویب سائٹ پر بتایا گیا کہ فوجی دستوں نے تعز گورنری کے متعدد محاذوں پر عرب اتحاد اور مقامی مزاحمت کاروں کی مدد سے میدانی پیش رفت کی۔ اس دوران دشمن ملیشیا کو بھاری جانی

بقیہ 26 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

سعودی عرب میں کھارے پانی کو صاف کرنے کے سب سے بڑے تیرتے پلانٹ کا افتتاح

قومی آبی حکمت عملی کے تحت اور مسلسل محنت کے نتیجے میں آج کامیابی حاصل کرنے پر خوش ہیں، گورنر جازان

ریاض (این این آئی) سعودی عرب نے مملکت کے مغربی ساحل پر الشقیق بندرگاہ کے قریب پانی کو صاف کرنے کے پہلے تیرتے دنیا کے سب سے بڑے پلانٹ کا افتتاح کر دیا ہے۔ یہ اپنی نوعیت کا دنیا کا سب سے بڑا پلانٹ ہے جس میں سمندری پانی کو صاف کر کے اسے پینے اور زراعت کے قابل بنایا جا رہا ہے۔ یہ پلانٹ سعودی عرب کی وزارت

بقیہ 22 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

نصرت غنی کو مسلمان ہونیکی وجہ سے وزارت سے نہیں ہٹایا، برطانوی موقف

نصرت غنی اب بھی تحقیقات کے لیے باضابطہ شکایت کر سکتی ہیں، نائب وزیراعظم ڈومینک راب کا ردعمل

لندن (این این آئی) برطانیہ کی حکمران جماعت کی مسلمان رکن پارلیمنٹ نصرت غنی کو ٹرانسپورٹ کی وزارت سے ہٹانے کے معاملے پر برطانیہ کے نائب وزیراعظم کا موقف سامنے آ گیا۔ نائب وزیراعظم ڈومینک راب نے کہا ہے کہ نصرت غنی اب بھی تحقیقات کے لیے باضابطہ شکایت کر سکتی ہیں۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق ترجمان بورس

بقیہ 23 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

اسرائیل کی یوکرین سے ہزاروں یہودیوں کو نکالنے کی تیاری

تل ابیب (این این آئی) اسرائیلی اخبار نے بتایا ہے کہ اسرائیل یوکرین کے ہزاروں یہودی شہریوں کو نکالنے کی تیاری کر رہا ہے۔ روس اور یوکرین کے بیچ جنگ چھڑ جانے کی صورت میں اس پر عمل درآمد ہوگا۔ اس جنگ کا خطرہ دونوں ملکوں کے درمیان سرحد پر منڈلا رہا ہے۔ اسرائیلی اخبار نے

بقیہ 27 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

کمر میں لگی گولی سے بے خبر اسرائیلی خاتون کا تین ماہ بعد کامیاب آپریشن

زندہ بچ جانے پر خوش ہوں لیکن شادی کی تقریبات میں ہوائی فائرنگ کا فعل ہمیشہ مسائل سے بھرا ہوتا ہے، خاتون

تل ابیب (این این آئی) اسرائیل کی ایک خاتون ادی بوائے کو کمر کی تکلیف پر ہسپتال لایا گیا جب ڈاکٹروں نے معائنہ کیا تو ایکسرے میں کوئی چیز نظر آئی جسے آپریشن کے بعد نکالا گیا تو وہ گولی تھی۔ خاتون نے بتایا ہے کہ وہ گزشتہ تین ماہ سے کمر میں درد محسوس کر رہی تھیں اور قیاس تھا کہ یہ درد پٹھوں میں کھنچاؤ کی وجہ سے ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق اسرائیلی خاتون نے ریڑھ کی ہڈی کے قریب سے برآمد ہونی والی گولی پر تعجب کا اظہار کیا اور یادداشت پر زور دیتے ہوئے بتایا کہ وہ تین ماہ قبل ایک شادی میں شرکت کی اور تقریب میں ہوائی فائرنگ بھی کی گئی۔ انہوں نے بتایا کہ جب وقت گولی کمر میں لگی تو مجھے کسی چیز کے چبھنے کا احساس ہوا اور تھوڑا سا خون بھی نکلا لیکن میں سمجھی کہ تقریب

بقیہ 24 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

ایران میں انسانی حقوق کی علمبردار خاتون کو آٹھ سال قید اور کوڑوں کی سزا

نرجس محمدی ایران کی نوبل امن انعام یافتہ انسانی حقوق کی علمبردار شیریں عبادی کی ساتھی ہیں

عدالت نے صرف پانچ منٹ تک جاری رہنے والی سماعت کے بعد ان کی اہلیہ کو سزا سنا دی، شوہر کا بیان

تہران (این این آئی) ایران میں ایک عدالت نے انسانی حقوق کی علمبردار اور صحافیہ نرجس محمدی کو آٹھ سال قید اور 70 سے زیادہ کوڑوں کی سزا سنائی ہے۔ انھیں گذشتہ سال نومبر میں اچانک بلا وارنٹ گرفتار کیا گیا تھا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق فرانس میں مقیم ان کے شوہر تقی رحمانی نے عدالت کے اس فیصلے کی اطلاع دی۔ انھوں نے ٹویٹر پر لکھا کہ عدالت نے صرف پانچ منٹ تک جاری رہنے والی سماعت کے بعد ان کی اہلیہ کو سزا سنا دی ہے۔ اس فیصلے اور نرجس محمدی کے خلاف مقدمے دونوں کی تفصیل ابھی تک واضح نہیں۔ نرجس محمدی ایران کی

بقیہ 30 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

کیسکو لیبر یونین کے نومنتخب سنٹرل سرکل چیئرمین حاجی عبدالسلام مہربان وائس چیئرمین مشتاق حسین سیکرٹری الیاس احمد و دیگر کا گروپ فوٹو

میکسکو میں ایک ہی ہفتے کے اندر دو صحافیوں کا قتل

میکسکو سٹی (این این آئی) میکسکو کے سرحدی شہر تیخو انا میں ایک صحافی کو قتل کر دیا گیا، ایک ہفتے کے دوران یہ میڈیا ورکرز کے قتل کا دوسرا واقعہ ہے۔ فرانسیسی خبر رساں ادارے کی رپورٹ کے مطابق بہا کیلفورنیا کے سرکاری استغاثہ کے دفتر سے جاری بیان میں کہا گیا کہ لارڈیس میلڈ وناڈو لوپیز کو آتشی اسلحے سے اس وقت نشانہ بنایا گیا جب وہ ایک گاڑی میں تھیں۔ میڈیا کے حقوق کی تنظیم

بقیہ 28 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

بحرِ اوقیانوس کو تنہا سر کرنے کی کوشش میں فرانسیسی مہم جو ہلاک

جین جیکس کی موت کی خبر ان کے دوستوں نے بذریعہ فیس بک پوسٹ شیئر کی، غیر ملکی میڈیا

ہے۔ گذشتہ ماہ ڈیری نے اسرائیل کے اٹارنی جنرل کے ساتھ پلی بارگین کا سمجھوتا کیا تھا۔ اس کی رواں ہفتے عدالت میں توثیق کی جائے گی۔ اس کے تحت میں وہ ٹیکس کے معمولی جرائم کا اعتراف کریں گے۔ اس معاہدے کے تحت ڈیری جیل جانے سے بچ جائیں گے لیکن ایک لاکھ 80 ہزار شیکل جرمانہ ادا کریں گے اور وہ الکنیست کی رکنیت سے مستعفی ہو جائیں گے۔ پارلیمان کے ترجمان اڑی مائیکل نے بتایا کہ ڈیری نے اسپیکر میکی لیوی کو استعفے کا خط پیش کیا تھا اور اس کا اطلاق منگل سے ہو گا۔ تاہم توقع کی جا رہی ہے کہ ڈیری شاس پارٹی کے بدستور رہنما رہیں گے جو اسرائیل کے انتہائی آرتھوڈاکس سفاردی یہودیوں کی نمائندگی کرتی ہے۔ یہود کا یہ گروپ آبائی طور پر جنوبی یورپ اور شمالی افریقا سے تعلق رکھتا ہے اور ان کے آباواجداد وہاں سے نقل مکانی کر کے اسرائیل میں آ بسے تھے۔ شاس نے انتہائی قدامت پسند یہود کی دوسری بڑی جماعت یونائیٹڈ تورات یہودیت کے ساتھ مل کر سابق وزیراعظم نیتن یاہو کی حمایت کی تھی اور اس کی بدولت ہی وہ ریکارڈ مدت 2009 سے گذشتہ سال جون تک وزارتِ عظمیٰ کے منصب پر برقرار رہے تھے۔ نیتن یاہو کی قانونی ٹیم بھی اٹارنی جنرل کے دفتر کے ساتھ ان کے خلاف مبینہ بدعنوانی کیس میں پلی بارگین پر بات چیت کر رہی ہے۔ ان پر رشوت ستانی، دھوکا دہی اور اعتماد کی خلاف ورزی کے الزامات ہیں لیکن وہ کسی بھی غلط کام کی تردید کرتے ہیں۔ نیتن یاہو کے معاملے میں استغاثہ نے مبینہ طور پر اصرار کیا کہ وہ اخلاقی بگاڑ کا اعتراف کریں۔ اس صورت میں وہ سات سال تک کسی منتخب عہدے کے نااہل قرار پا جائیں گے لیکن یہ شرط ڈیری پر عاید نہیں کی گئی ہے۔

بقیہ 5

اسلامیہ افغانستان میں امریکی شہری کرسٹوفر نے اسلام کی حقانیت کا اقرار کرتے ہوئے طالبان کے ترجمان ذبیح اللہ مجاہد کے ہاتھوں اسلام قبول کر لیا۔ افغانستان کی سرکاری خبر رساں ایجنسی کے مطابق طویل عرصے سے افغانستان میں مقیم امریکی شہری کرسٹوفر نے اسلام کے آفاقی پیغام کی حقانیت کو پہچان کر اور طالبان کے اخلاق سے متاثر ہو کر اسلام قبول کر لیا۔ امارت اسلامیہ افغانستان کے نائب وزیر اطلاعات اور ترجمان طالبان ذبیح اللہ مجاہد نے امریکی شہری کو کلمہ پڑھا کر دائرہ اسلام میں داخل کیا اور اسلامی نام محمد عیسیٰ رکھا۔ اسلام قبول کرتے وقت امریکی شہری کی آنکھوں میں آنسو تھے اور کلمہ پڑھنے کے بعد وہ طالبان کے گلے لگ گئے۔ ترجمان طالبان نے محمد عیسیٰ کو اسلام میں داخل ہونے پر مبارک باد دی۔ واضح رہے کہ اس سے قبل بھی طالبان کی قید سے رہا ہونے والی خاتون صحافی اور ایک پروفیسر بھی اسلامی تعلیمات سے متاثر ہو کر اسلام قبول کر چکے ہیں۔

بقیہ 6

اضافے کی پیشین گوئی کی ہے۔ علی نزار نے کہا کہ قیمتوں میں کوئی اضافہ حتمی یا آخری نہیں ہو گا۔ تاہم پیٹرولیم برآمد کنندگان ممالک کی تنظیم (اوپیک) قیمتوں میں موجودہ اتار چڑھاو کو مدنظر رکھے ہوئے ہے۔ علی نزار کا کہنا تھا کہ عالمی مارکیٹ کو اضافی مقدار میں تیل کی ضرورت پڑ سکتی ہے اور اس صورت میں اوپیک پلس مارکیٹ کو مزید پیش کش کرے گا۔ انھوں نے مزید بتایا کہ فروری میں عراق کی تیل کی اوسط برآمدات بڑھ کر 33 لاکھ بیرل یومیہ تک پہنچنے کا امکان ہے۔ جنوری میں ان کا حجم 32 لاکھ بیرل یومیہ ہے۔

بقیہ 7

تھا۔ وزارت دفاع کے ایک بیان میں بتایا گیا کہ چینی طیاروں نے تائیوان کے زیر کنٹرول پراٹاس جزیرے کے شمال مشرق کی جانب پرواز کیا۔ اس تازہ ترین پیش رفت پر بیجنگ کی جانب سے فوری طور پر کوئی ردعمل نہیں آیا۔ چین تائیوان کو اپنا ہی ایک علاقہ سمجھتا ہے۔ بیجنگ حکومت نے اس عزم کا اظہار بھی کیا ہے کہ ضرورت پڑنے پر طاقت کے ذریعے بھی اس جزیرے کا اپنے ملک میں انضمام کیا جائے گا۔

بقیہ 8

کہ امارت اسلامی کو لڑکیوں کی تعلیم سے کوئی مسئلہ نہیں ہے، خواتین اساتذہ کی تنخواہیں ادا کی ہیں، لڑکیوں کیلئے مزید خواتین اساتذہ بھرتی کرینگے۔ عزیز احمد کا کہنا تھا کہ خواتین اساتذہ نہ ہونے کی صورت میں صرف عمر رسیدہ مرد اساتذہ لڑکیوں کو تعلیم دینگے۔

بقیہ 9

اینڈرائیڈ فون سے آئی فون میں منتقل کر سکیں گے۔ ڈبلیو اے بیٹا کی جانب سے چیٹ منتقلی کی آزمائش کی تصویر بھی شیئر کی گئی ہے جس میں دیکھا جا سکتا ہے کہ نیا فیچر چیٹ کو منتقل کرنے کے لیے سوال پوچھ رہا ہے۔ یہ فیچر آئی او ایس بیٹا صارفین کے لیے متعارف کرایا گیا ہے جسے کامیاب آزمائش کے بعد تمام صارفین استعمال کر سکیں گے۔ واضح رہے کہ اس وقت صرف آئی فون سے آئی فون چیٹ ہسٹری کی منتقلی کی سہولت موجود ہے۔ قبل ازیں واٹس ایپ نے سام سنگ، گوگل پکسل اور اینڈ رائیڈ آپریٹنگ سسٹم صارفین کے لیے یہ سہولت فراہم کی، جس کے بعد وہ آئی فون سے مذکورہ اسمارٹ فونز میں واٹس ایپ کی چیٹ ہسٹری منتقل کر سکتے ہیں۔ یاد رہے کہ گزشتہ سال ستمبر میں واٹس ایپ نے اینڈ رائیڈ صارفین کے لیے آئی او ایس سے چیٹ ہسٹری منتقل کرنے کی سہولت فراہم کی تھی۔

بقیہ 10

کو محفوظ بنانے کے لیے ایک آپریشن شروع کیا۔ حسکہ میں غویران جیل پر حملے کے پیچھے غیر ملکی ہاتھ تھے۔ کردفورسز نے بتایا کہ داعش غویران کے پڑوس میں شہریوں کو انسانی ڈھال کے طور پر استعمال کرتی ہے۔ داعش کے جو جنگجو غویران جیل کے اندر قید ہیں وہ فرار نہیں ہو سکے۔ کردفورسز نے الحسکہ میں غویران جیل کے آس پاس کا کنٹرول سنبھال لیا ہے۔

بقیہ 11

علاقوں میں شدت پسند گروہوں کی جانب سے شورش کا سلسلہ شروع ہوا تھا لیکن فرانس کی مدد سے مالی کی افواج نے شمالی علاقوں کا کنٹرول مکمل طور پر سنبھال لیا ہے۔ البتہ دہشت گردوں کی جانب سے عسکری کارروائیاں اکثر و بیشتر سامنے آتی رہتی ہیں جب کہ مالی کی افواج کی معاونت کے لیے سیکڑوں فرانسیسی فوجی وہاں موجود ہیں۔ رپورٹ کے مطابق مالی میں دہشت گردی کے خلاف 2013 سے جاری آپریشن میں اب تک 53 فرانسیسی فوجی ہلاک ہو چکے ہیں۔

بقیہ 12

کو پکڑا اور ریچھ کو بھگانے کی کوشش کی جس کی وجہ سے کتے کی جان بچ گئی اور جنگلی جانور کو خالی ہاتھ واپس لوٹنا پڑا۔ مذکورہ شخص نے بتایا کہ جیسے ہی ریچھ نے کتے کو اپنے جبڑے میں دبایا تو میں نے اسی لمحے اپنے جانور کو پکڑ لیا اور خود کو ریچھ کے سامنے پیش کیا تا کہ وہ کتے کو چھوڑ کر مجھ پر حملہ آور ہو۔ امریکی شہری کا کہنا تھا کہ وہ اپنے گھر کے صحن میں خصوصی جال کا حصار لگائے گا تا کہ پھر سے کوئی ریچھ گھر میں داخل نہ ہو سکے۔ خیال رہے کہ کتے کو بچانے کے چکر میں مذکورہ شہری کے جسم پر معمولی چوٹیں بھی آئیں۔

بقیہ 13

موجودہ تنازعے میں مدد کے مقصد سے ایک ہنگامی پیکج مختص کیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ اس رقم کی ادائیگی امداد اور ہنگامی قرضے کے طور پر کی جائے گی۔ فان ڈیئر لائن کے بقول اس پیکج کے ذریعے یوکرائن تیزی سے بڑھتی کشیدگی کے دوران اپنی مالی ضروریات کو پورا کر سکے گا۔ انہوں نے یورپی یونین کے ارکان پارلیمان سے اپیل کی کہ اس پیکج کو ہنگامی بنیاد پر منظور کیا جائے، تا کہ جلد سے جلد تعاون کو ممکن بنایا جا سکے۔

بقیہ 14

کے دارالحکومت کیف میں اپنے سفارت کاروں کے اہل خانہ اور ملک میں موجود تمام شہریوں کو بھی کو یوکرین چھوڑنے کا حکم دے دیا ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق ایک بیان میں امریکی وزارت خارجہ نے یوکرین کے دارالحکومت کیف میں موجود اپنے سفارت کاروں کے تمام اہل خانہ سے ملک چھوڑ کر وطن واپس لوٹ آنے کا حکم دے دیا۔ امریکی محکمہ خارجہ نے روسی فوجی کارروائی کے بڑھتے ہوئے خطرات اور کووڈ 19 کا حوالہ دیتے ہوئے اپنے شہریوں کو یوکرین کے سفر سے بھی باز رہنے کو کہا۔ سفر سے متعلق اپنی ویب سائٹ پر شائع ہونے والی ایڈوائزری میں محکمہ خارجہ نے کہا کہ اسے ایسی اطلاعات ہیں کہ روس یوکرین کے خلاف اہم فوجی کارروائی کی منصوبہ بندی کر رہا ہے۔ دارالحکومت کیف میں سفارت خانے کے عملے کے اہل خاندان کی روانگی کا حکم دینے کے ساتھ ہی واشنگٹن نے سفارت خانے کے دیگر ملازمین کو بھی وہاں سے رضا کارانہ طور پر روانگی کی اجازت دے دی ہے۔ ان ملازمین کے سفری اخراجات بھی حکومت نے اٹھانے کا وعدہ کیا ہے۔ امریکی وزارت خارجہ نے اپنے بیان میں کہا کہ سیکورٹی کی صورت حال، خاص طور پر یوکرین کی سرحدوں کے پاس، روس کے زیر قبضہ کریمیا اور روس کے زیر کنٹرول مشرقی یوکرین میں، غیر یقینی ہے اور بہت جلد بگڑ بھی سکتی ہے۔ بیان میں مزید کہا گیا کہ احتجاجی مظاہرے، جو بسا اوقات پرتشدد ہو جاتے ہیں، کیف سمیت پورے یوکرین میں باقاعدگی سے ہوتے رہتے ہیں۔

بقیہ 15

شہر میں 100 سے زیادہ باغیوں نے کردوں کے زیر انتظام غویران جیل پر ساتھیوں کو رہا کرنے کے لیے حملہ کیا جو کہ تقریباً تین سال قبل شام میں داعش کی خود ساختہ خلافت کی شکست کے بعد سے اب تک ان کی سب سے بڑی کارروائی سمجھی جا رہی ہے۔ برطانیہ میں قائم شامی مبصر گروپ کے مطابق اس کارروائی کے بعد سے شدید لڑائیوں میں عسکریت پسندوں کو قیدیوں کو آزاد کرتے ہوئے اور جیل میں ذخیرہ کیے گئے ہتھیاروں پر قبضہ کرتے دیکھا گیا۔ مبصرین کے مطابق حملے کے آغاز سے لے کر اب تک جیل کے اندر اور باہر، داعش کے کم از کم 84 ارکان اور 45 کرد جنگجو سمیت اندرونی سیکیورٹی فورسز، جیل کے محافظ اور انسداد دہشت گردی کے اہلکار ہلاک کیے جا چکے ہیں۔ انہوں نے مزید بتایا کہ شمال مشرقی شہر میں ہونے والی لڑائی میں 7 شہری بھی مارے گئے۔ لڑائی گزشتہ روز بھی جاری رہی، اس دوران اتحادیوں کے حملوں کی مدد سے کردوں کی زیر قیادت سیرین ڈیموکریٹک فورسز (ایس ڈی ایف) جیل کے اندر اور باہر جہادیوں کے اہداف کے قریب پہنچ گئی۔ ایس ڈی ایف نے ایک بیان میں کہا کہ اس کی فورسز نے جیل کے آس پاس کے علاقے کو سیل کر دیا ہے، جیل کے دروازوں کے اندر موجود داعش کے جنگجو اب فرار نہیں ہو سکتے۔ آبزرویٹری کے مطابق ایس ڈی ایف نے کچھ سیل بلاکس کے علاوہ جہاں جہادیوں نے ابھی تک ہتھیار نہیں ڈالے ہیں، زیادہ تر علاقہ محفوظ بنا لیا ہے۔ غویران شہر کے قریب موجود ایک نامہ نگار نے جیل کے اردگرد کے علاقوں میں شدید گولہ باری کی آواز کی اطلاع دی، جہاں مبینہ طور پر داعش کے کم از کم 3 ہزار 500 ارکان رہائش پذیر ہیں۔ ایس ڈی ایف نے ج

بنگ خان کے نام سے مشہور سلمان خان نے اپنے پڑوسی کو وارننگ دیدی

کوئی غنڈہ چھاپ نہیں جو میرے اوپر بے تکے الزامات لگا رہے ہیں

لوگوں کو مل کر کے اپنے فارم ہاؤس میں دفنانے کے الزامات عائد کئے تھے

ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ دبنگ خان کے نام سے مشہور سلمان خان نے اپنے پڑوسی کو وارننگ دے دی۔ بھارتی میڈیا کے مطابق سلمان خان نے اپنے پڑوسی کو خبردار کیا کہ وہ بنیاد کے تنازع میں ان کے مذہب کو نہ اٹھائیں۔ سلمان خان کا کہنا تھا کہ جائیداد کے تنازع میں آپ میرے مذہب کو کیوں لا رہے ہیں۔ میری والدہ ہندو ہیں۔ میرے بھائیوں کی بیویاں ہندو ہیں۔ ہم سب تہوار مناتے ہیں۔ سلمان خان نے اپنے پڑوسی کی تعریف ہوتے کہا کہ آپ پڑھے لکھے شخص ہیں کوئی غنڈہ چھاپ نہیں جو میرے اوپر بے تکے الزامات لگا رہے ہیں۔ آج کل یہ آسان ہے کہ کچھ لوگوں کو اکٹھا کرو اور سوشل میڈیا پر خفیہ اکاؤنٹ سلمان خان کا ممبئی کے قریب پنول میں فارم ہاؤس ہے جس کا ان کے پڑوسی کے ساتھ تنازع چل رہا ہے۔ سلمان خان نے پڑوسی پر جنگ عزت کا کیس دائر کر رکھا ہے۔ سلمان خان کے پڑوسی نے ان پر جائیداد ہتھیانے اور لوگوں کو قتل کر کے اپنے فارم ہاؤس میں دفنانے کے الزامات عائد کئے تھے۔ سلمان خان نے اپنے پڑوسی کی تعریف ہوتے کہا کہ آپ پڑھے لکھے شخص ہیں کوئی غنڈہ چھاپ نہیں جو میرے اوپر بے تکے الزامات لگا رہے ہیں۔ آج کل یہ آسان ہے کہ کچھ لوگوں کو اکٹھا کرو اور سوشل میڈیا پر خفیہ اکاؤنٹ سلمان خان کا ممبئی کے قریب پنول میں فارم ہاؤس ہے جس کا ان کے پڑوسی کے ساتھ تنازع چل رہا ہے۔ سلمان خان نے پڑوسی پر جنگ عزت کا کیس دائر کر رکھا ہے۔

ادا کارہ سنی لیون باقاعدہ سند یافتہ اسکوبا ڈائیور بن گئیں

پچھلے کچھ سالوں نے اسکوبا ڈائیونگ کی باقاعدہ تربیت حاصل کر رہی تھی

ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ کی ادا کارہ سنی لیون باقاعدہ سند یافتہ اسکوبا ڈائیور بن گئیں۔ بالی ووڈ کی ادا کارہ نے اسکوبا ڈائیونگ کی تربیت مکمل کر لی جس کے بعد انہیں اسکوبا ڈائیور کی سند دی گئی۔ سنی لیون کا کہنا تھا کہ انہیں شروع سے سمندر اور اسکوبا ڈائیونگ پسند ہے۔ پچھلے کچھ سالوں نے اسکوبا ڈائیونگ کی باقاعدہ تربیت حاصل کر رہی تھی۔ سنی لیون کے مطابق انہوں نے مالدیپ میں اسکوبا ڈائیونگ کا کورس مکمل کر لیا جس کے اختتام پر انہیں اسکوبا ڈائیور کی سند دی گئی۔ بالی ووڈ میں سنی لیون کے علاوہ ادا کارہ سوناکشی سنہا اور پرینتی چوپڑہ بھی تربیت یافتہ اسکوبا ڈائیور ہیں۔ ادا کارہ سنی لیون باقاعدہ سند یافتہ اسکوبا ڈائیور بن گئیں، پچھلے کچھ سالوں نے اسکوبا ڈائیونگ کی باقاعدہ تربیت حاصل کر رہی تھی۔

میری جانب آنے والے کام میں کبھی کمی نہیں آئی، علیزے شاہ

ایسا بہت کچھ ہے جس پر میں بات کرنا چاہتی ہوں مگر کچھ کہہ نہیں پاتی

کراچی (این این آئی) ماڈل، اداکارہ و گلوکارہ علیزے شاہ میڈیا کو انٹرویو دینا پسند نہیں کرتی اور ان کے بقول اس کی وجہ سامنے آرہا ہے۔ اپنے ایک خصوصی انٹرویو میں انہوں نے مختلف موضوعات پر بات کرتے ہوئے کہا کہ ایسا بہت کچھ ہے جس پر میں بات کرنا چاہتی ہوں مگر کچھ کہہ نہیں پاتی۔ متعدد بار ایسا بھی ہوا کہ میرے الفاظ کو غلط انداز سے پیش کیا گیا۔ اداکاری کے مقابلے میں جو ٹوان اداکارہ کا نام ہر چند پیشتر سماجی رابطے کی ویب سائٹ ٹوئٹر پر ٹرینڈ کرتا ہے جس کی وجہ مختلف تنازعات ہوتے ہیں۔ جیسے حال ہی میں علیزے شاہ کی گاڑی میں سگریٹ پیتے ہوئے ویڈیو ٹوئٹر پر نظر آئی اور اس حوالے سے بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا ''کیا آپ کو معلوم ہے کہ میں اس گاڑی میں اپنے خاندان کے ساتھ تھی؟ اگر میرے گھر والوں کو کوئی مسئلہ نہیں تو سوشل میڈیا بے نام اور بنجر چہرے کے افراد میری شخصیت کے بارے میں فیصلہ کرنے والے کون ہوتے ہیں؟ جب ان سے پوچھا گیا کہ وہ اس وقت کچھ کہیں نہیں کہتی جب لوگ ان پر بہت زیادہ تنقید کر رہے ہوتے ہیں، تو ان کا کہنا تھا میں نے احساس کیا ہے کہ خاموش رہنا ٹھیک ہے، اکثر جب ایک خاتون کھڑی ہو کر اپنا دفاع کرتی ہے تو لوگ اس کی زندگی کو زیادہ مشکل بنا دیتے ہیں، میرے لیے سوشل میڈیا سے دور ہو جانا زیادہ آسان ہے، میں جانتی ہوں کہ تنازعات کی زندگی 2 دن سے زیادہ نہیں ہوتی، اس کے بعد میں لوگ میرے ڈرامے دیکھتے ہیں اور اس کے بارے میں پر جوش ہوتے ہیں۔ انہوں نے ایک دلچسپ بات بھی بتائی کیا آپ کو معلوم ہے کہ ویڈیو لیک (سگریٹ کی ویڈیو) ہونے کے فوراً بعد مجھے ایک آٹھ سالہ بچی کی آفر ملی ہوگی؟ جس میں سگریٹ بھی تھی اور ان کا خیال تھا کہ میں آئسکریم بیچنے کے لیے تیار ہوں۔ اس گانے کے بول بھی مشکلہ خیز تھے، میں اور میرے دوست ان کو سن کر ہنستے رہے۔

جہاز میں ایک خاتون نے چیخ کر کہا تھوڑا وزن کم کر لو تو آفت لگو گی

ڈرامہ سیریز فطرت میں میرا وزن پر باتیں کرتے ھے

کراچی (این این آئی) پاکستان شوبز انڈسٹری کی اداکارہ حبا بخاری نے حال ہی میں اپنے ساتھ پیش آئے ایک دلچسپ واقعے سے متعلق بتایا ہے۔ کچھ روز قبل حبا بخاری نے ایک ویب شو میں شرکت کی جس میں ان سے شوبز میں بدن کے سوال کیا کہ جبکی آپ کو ایسی صورتحال کا سامنا کرنا پڑا ہے جب کسی نے آپ کی تعریف کی ہو اور آپ کو شرمندگی ہوئی ہو۔ اداکارہ نے بتایا کہ کچھ روز قبل میں اداکارہ و میزبان ہفت سفر کے ہمراہ جہاز میں سفر کر رہی تھی کہ ایک خاتون ڈائرکٹ مجھے دیکھا اور کہا تم حبا بخاری ہو نہ، تمہاری آنکھیں بہت خوبصورت ہیں، ان ہی سے تمہیں پہچانا۔ حبا نے بات جاری رکھتے ہوئے بتایا کہ خاتون نے زور سے کہا کہ تم بہت پیاری ہو، بس تھوڑا سا وزن کم کر لو گی تو آفت لگو گی، اس وقت جہاز میں موجود تمام لوگ یہ سن رہے تھے، بعد ازاں خاتون نے یہ بھی کہا کہ آپ کو برا تو نہیں لگا جس پر میں نے جواب دیا کہ نہیں۔ اداکارہ حبا بخاری نے حال ہی میں نجر ہونے والے ٹی وی ایوارڈ کمیشن کے ایک پروگرام میں بھی اپنے وزن سے متعلق گفتگو کرتے ہوئے بتایا کہ ڈرامہ سیریز ''فطرت'' میں میرا وزن بڑھ گیا تھا اور لوگ میرے وزن پر باتیں کرتے تھے۔ حبا بخاری کا کہنا تھا کہ مجھے کافی زیادہ ٹرول کیا گیا تھا جس کی وجہ سے میں نے زیادہ کھانا شروع کر دیا تھا، بعد ازاں میرا وزن کم ہو گیا تھا۔ انہوں نے بتایا کہ انہیں گاڑی کے بارے میں کافی زیادہ معلومات ہیں، اس میں کچھ خرابی ہو جائے تو وہ مکینک کے پاس خود ہی جاتی ہیں۔

دنیا بھر میں باکس آفس پر دھوم مچادی 1.69 بلین ڈالر کما لئے

لاس اینجلس (این این آئی) ہالی ووڈ فلم 'اسپائیڈر مین: نو وے ہوم' دنیا بھر میں باکس آفس پر 1.69 بلین ڈالر کی آمدنی کما تھا جو تاریخ کی چھٹی سب سے زیادہ کمائی کرنے والی فلم بن گئی ہے۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق، وبا، ہفتے کے اختتام پر فلم 'اسپائیڈر مین: نو وے ہوم' دنیا بھر میں باکس آفس پر 1.69 بلین ڈالر کی آمدنی کے ساتھ تاریخ کی چھٹی سب سے زیادہ کمائی کرنے والی فلم بن گئی ہے۔ فلم نے ریکارڈ قائم کر دیئے بعد فلم 'جراسک ورلڈ' جس نے باکس آفس پر 1.67 بلین ڈالر اور فلم 'وی لائن گنگ' جس نے 1.66 بلین ڈالر کمائے، دونوں کو پیچھے چھوڑ دیا ہے۔ فلم ریلیز کے چھٹے ہفتے کے اختتام پر شمالی امریکہ میں 14.1 ملین ڈالر کی آمدن کے ساتھ پہلے نمبر پر رہی۔

مہوش حیات کو متعدد اعتزاز ان کی ظاہری شخصیت پر ملا، شمعون عباسی

کراچی (این این آئی) اداکار شمعون عباسی نے کہا ہے کہ مہوش حیات کو متعدد اعتزاز ان کی ظاہری شخصیت پر ملا۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق ادا کارہ و پروڈیوسر شمعون عباسی نے انکشاف کیا ہے کہ ماہر وخان نے اپنی پہلی فلم بول سائن کرنے سے پہلے ان سے مشورہ لیا تھا۔ انہوں نے بتایا کہ ہانیوں سعید کو شوبز میں بریک بھی انہوں نے دیا تھا۔ ادا کارہ مہوش حیات کو متعدد اعتزاز سے نوازتے ہوئے انہوں نے کہا کہ انہیں متعدد ادا کاری پر نہیں بلکہ ظاہری شخصیت پر ملا ہے۔ واضح رہے کہ ادا کارہ کو متعدد اعتزاز دینے کا معاملہ سوشل میڈیا صارفین سمیت مختلف شخصیات کی جانب سے ہدف تنقید بنایا جا چکا ہے۔ مہوش حیات کو متعدد اعتزاز ان کی ظاہری شخصیت پر ملا۔ ادا کار شمعون عباسی نے کہا ہے کہ مہوش حیات کو متعدد اعتزاز ان کی ظاہری شخصیت پر ملا۔

ہر کسی کو تو کووڈ 19 بھی ہو رہا ہے؟

ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ کی معروف اداکارہ سوناکشی سنہا نے ملاح کی جانب سے شادی کے بارے میں سوال کرنے پر اسے دلچسپ جواب دیتے ہوئے کہا ہے کہ ہر کسی کو تو کووڈ 19 بھی ہو رہا ہے؟ کیا مجھے بھی ہونا چاہیے؟۔ فونز ایڈ ویڈیوز ٹیکنرک ایپ انسٹاگرام پر سوناکشی نے مداحوں کیا تھا سوال جواب کا سیشن رکھا، جس میں مداحوں کی جانب سے ان سے دلچسپ سوال پوچھے گئے، جس کے جواب انہوں نے نہایت سکون کے ساتھ دیے۔ ایک مداح نے ان سے سوال پوچھا کہ وہ اس وقت کیا کر رہی ہیں تو انہوں نے اس کے سامنے اپنے ٹی وی کی اسکرین کرتے ہوئے کہا کہ وہ فلم دیکھ رہی ہیں۔ ایک اور مداح نے سوناکشی سے سوال کیا کہ میڈم سب کی شادی ہو رہی ہے، آپ کی شادی کب ہوگی؟

حالیہ پوسٹ نے مداحوں کے ذہنوں میں کئے سوالات پیدا کر دیئے

انگلش اداکارہ و ماڈل روزی کی وسٹ شیئر کی جس میں دیکھا جاسکتا ہے



لاہور (این این آئی) اداکار احسن محسن کے ساتھ رشتہ ازدواج میں منسلک ہونے والی اداکارہ منال خان کی اپنی حالیہ پوسٹ نے مداحوں کے ذہنوں میں کئے سوالات پیدا کر دیئے۔ شادی کے بعد سوشل میڈیا پر زیادہ متحرک رہنے والی منال خان نے اپنے تصدیق شدہ انسٹاگرام پر اسٹوری شیئر کر کے مداحوں کے ذہنوں میں کئی سوال پیدا کر دیے۔ منال خان نے اپنی انسٹاگرام اسٹوری میں انگلش اداکارہ و ماڈل روزی کی پوسٹ شیئر کی جس میں دیکھا جاسکتا ہے کہ وہ حاملہ ہیں۔ اداکارہ کی یہ انسٹاگرام اسٹوری سوشل میڈیا کے مختلف پیجز پر تیزی سے وائرل ہو رہی ہے جہاں صارفین اندازہ لگا رہے ہیں کہ شاید منال خان بھی جلد خوشخبری سنانے والی ہیں۔ دوسری جانب منال خان نے ابھی تک اس خبر پر سے ہم کو کوئی رد عمل نہیں دیا۔ واضح رہے کہ گزشتہ سال 10 ستمبر بروز جمعہ منال خان احسن محسن اکرام کے ساتھ رشتہ ازدواج میں منسلک ہوئی تھیں۔ منال خان اور احسن محسن اکرام کے نکاح کی تقریب کراچی میں شوبز انڈسٹری کے متعدد ستاروں کی موجودگی میں منعقد ہوئی تھی۔ 22 سالہ منال خان نے اپنی شادی کی تقریب میں خوبصورت عروسی لباس اور زیورات پہنے ہوئے تھے جبکہ 28 سالہ احسن محسن نے اپنے اس زندگی کے بڑے دن کے لیے ایک سیاہ رنگ کی خوبصورت شیروانی کا انتخاب کیا تھا۔ حالیہ پوسٹ نے مداحوں کے ذہنوں میں کئے سوالات پیدا کر دیئے۔ انگلش اداکارہ و ماڈل روزی کی وسٹ شیئر کی جس میں دیکھا جاسکتا ہے۔

شمعون عباسی کا اپنی سابقہ اہلیہ اور اداکارہ حمیمہ ملک کو کام پر توجہ دینے کا مشورہ

آپریشن 1 2 0 اور پرواز ہے جنون جیسی مقبول فلموں میں کام کیا

لاہور (این این آئی) ہدایت کار و اداکار شمعون عباسی نے اپنی سابقہ اہلیہ اور اداکارہ حمیمہ ملک کو کام پر توجہ دینے کا مشورہ دے دیا۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق حال ہی میں شمعون عباسی نے قائم شیخ کے مقبول یوٹیوب شو وہ والا شو میں شرکت کی، جہاں انہوں نے مشہور شخصیات کو مشورے دینے کے سیکشن میں اپنی سابقہ اہلیہ حمیمہ ملک کے بارے میں بات کرتے ہوئے کہا کہ حمیمہ پر جوش ہیں، بہت زیادہ پر جوش ہیں، میں انہیں مشورہ دوں گا کہ وہ اپنے کام پر توجہ دیں۔ انہوں نے اپنی بات جاری رکھتے ہوئے کہا کہ مجھے لگتا ہے کہ وہ تڑی میں بیمار ہوئی تھیں، وہاں ان کے اوپنیڈس کا آپریشن ہوا، میں امید کرتا ہوں اور دعا کرتا ہوں کہ وہ جلد صحتیاب ہو جائیں۔ واضح رہے کہ ادا کارہ حمیمہ ملک نے اداکار شمعون عباسی سے 2010 میں شادی کی تھی تاہم یہ شادی زیادہ عرصہ برقرار نہ رہ سکی اور 2013 میں دونوں میں طلاق ہوگئی۔ خیال رہے کہ شمعون عباسی ایک انتہائی باصلاحیت فلمی اداکار ہیں، وہ فلموں میں ولن کے کردار ادا کرنے کیلئے مشہور ہیں۔ پاکستانی اداکار پی ٹی وی کے اپنے مقبول کرداروں کے ذریعے شہرت کی بلندیوں پر پہنچے، انہوں نے ماڈلنگ بھی کی۔ شمعون عباسی ایک بہترین ہدایت کار اور پروڈیوسر ہیں، اداکار نے وار، آپریشن 021 اور پرواز ہے جنون جیسی مقبول فلموں میں کام کیا۔ ان کی آنے والی فلمیں ڈھائی چال اور عشرت میاں چائیں ہیں۔ ترکی میں پیار ہوئی تھیں، وہاں ان کے اوپنیڈس کا آپریشن ہوا، میں امید کرتا ہوں اور دعا کرتا ہوں کہ وہ جلد صحتیاب ہو جائیں۔ واضح رہے کہ ادا کارہ حمیمہ ملک نے اداکار شمعون عباسی سے 2010 میں شادی کی تھی تاہم یہ شادی زیادہ عرصہ برقرار نہ رہ سکی اور 2013 میں دونوں میں طلاق ہوگئی۔ خیال رہے کہ شمعون عباسی ایک انتہائی باصلاحیت فلمی اداکار ہیں، وہ فلموں میں ولن کے کردار ادا کرنے کیلئے مشہور ہیں۔

امروز کھیل

Imroz Sports

کراچی، ایڈمنسٹریٹر مرتضیٰ وہاب خلیل پاک کی کامیاب ٹیم کو انعام دے رہے ہیں

ویمنز ورلڈ کپ 2022 کیلئے پندرہ رکنی پاکستان ویمنز اسکواڈ کا اعلان

بسمہ معروف آئی سی سی ویمنز ورلڈکپ میں پاکستان کی قیادت کریں گی

نیشنل ویمنز اسکواڈ 27 فروری سے کراچی میں دس روز کیمپ کا آغاز کرے گا، اسکواڈ 8 فروری کو نیوزی لینڈ روانہ ہوگا

کراچی/اسلام آباد (این این آئی) قومی خواتین کرکٹ کی سلیکشن کمیٹی نے آئی سی سی ویمنز ورلڈکپ 2022 کیلئے پندرہ رکنی پاکستان ویمنز اسکواڈ کا اعلان کر دیا ہے۔ سلیکشن کمیٹی میں سابق کرکٹرز سلیم جعفر اور توفیق عمر شامل ہیں جبکہ اسامہ یہ اقبال چیئرمین آف ویمنز سلیکشن کمیٹی ہیں۔ چار مارچ سے تین اپریل تک نیوزی لینڈ میں جاری رہنے والے ایونٹ میں قومی خواتین کرکٹ ٹیم کی قیادت بسمہ معروف کریں گی۔ وہ ویٹی کی ولادت اور زچگی کی چھٹی مکمل کر کے اب دوسال بعد دوبارہ سبز جرسی اور کیپ پہن کر میدان میں اتریں گی۔ انہوں نے آخری مرتبہ آسٹریلیا میں کھیلے گئے آئی سی سی ویمنز ورلڈکپ 2020 میں قومی خواتین کرکٹ ٹیم کی قیادت کی تھی۔ بسمہ معروف آئی سی سی ویمنز ورلڈکپ میں پاکستان کی قیادت کریں گی۔

پاکستان اور بھارت کے درمیان میچ چھ مارچ کو کھیلا جائیگا

اسلام آباد (این این آئی) آئی سی سی ویمنز ورلڈکپ 2022 میں پاکستان اور بھارت کے درمیان میچ چھ مارچ کو کھیلا جائیگا۔ شیڈول کے مطابق 6 مارچ کو پاکستان کا مقابلہ بھارت سے ہفتام سے ہوا اور، تر تگاہ میں ہوگا۔ 8 مارچ کو پاکستان اور آسٹریلیا کے درمیان میچ ہفتام سے ہوا اور، تر تگاہ میں کھیلا جائیگا اسی طرح 11 مارچ کو پاکستان اور جنوبی افریقہ کے درمیان میچ اوول، تر تگاہ میں کھیلا جائیگا۔ 14 مارچ کو پاکستان اور بنگلہ دیش کے درمیان میچ سیڈون پارک، ہملٹن میں کھیلا جائیگا۔ 21 مارچ کو پاکستان اور نیوزی لینڈ کے درمیان میچ سیڈون پارک، ہملٹن میں کھیلا جائیگا۔ 24 مارچ کو پاکستان اور انگلینڈ کے درمیان میچ ہفتام سے ہوگا اور اوول کرائسٹ چرچ میں کھیلا جائیگا۔ 26 مارچ کو پاکستان اور نیدر لینڈ کے درمیان میچ اوول کرائسٹ چرچ میں کھیلا جائیگا۔ 31 مارچ کو پاکستان اور ویسٹ انڈیز کے درمیان میچ سیڈون پارک، ہملٹن میں کھیلا جائیگا۔ 4 اپریل کو پاکستان اور بنگلہ دیش کے درمیان میچ ہفتام سے ہوگا اور اوول کرائسٹ چرچ میں کھیلا جائیگا۔

اولمپک گیمز سے نچلی اور گراس روٹ سطح پر کھیلوں کو فروغ اصل ہوگا

انہوں نے کہا کہ کھیلوں کی ترقی کے لئے تعلیمی اداروں کا اہم کردار ہوتا ہے

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان اسٹیکلیس فیڈریشن کے صدر ممبر جنرل ریٹائرڈ محمد اکرم سہاری نے کہا ہے کہ ملک میں سنوڈنٹ اولمپک گیمز سے نچلی اور گراس روٹ سطح پر کھیلوں کو فروغ حاصل ہوگا اور یہ کھلاڑی آگے جا کر قومی کھلاڑی بن کر ملک و قوم کا نام روشن کریں گے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے ایسے مقابلوں کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے کہا کہ سنوڈنٹ اولمپک گیمز کا کامیاب انعقاد پر پاکستان سنوڈنٹ اولمپک ایسوسی ایشن نے کہا کہ کھیلوں کی ترقی کے لئے تعلیمی اداروں کا اہم کردار ہوتا ہے اسلام آباد (این این آئی) طلباء و طالبات تعلیمی سرگرمیوں کے ساتھ، ساتھ کھیلوں کی سرگرمیوں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں، ان خیالات کا اظہار ساتھی چیئرمین، یونین کونسل، ذلہ، پکوال سردار عارف خان نے راولپنڈی بورڈ انٹر کالجیٹ گورنمنٹ ٹینس چمپئن شپ کے اختتامی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا، اس موقع پر راولپنڈی بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن کے ڈائریکٹر

تعلیمی سرگرمیوں کے ساتھ، ساتھ کھیلوں کی سرگرمیوں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں

بین الاقوامی سطح پر بے پناہ میڈلز حاصل کر کے ملک کا نام روشن کیا ہے

سید رشن ظہیر سلطان چوہدری اور گورنمنٹ خواتین کالج گوجر خان کی پرنسپل جمیلہ ایوب کے علاوہ علاقے کی سماجی شخصیت چوہدری ظہیر الحسن بھی موجود تھے، انہوں نے کہا کہ ملک میں خواتین کے کھیلوں میں نیلٹ کی کمی نہیں بلکہ ان خواتین کھلاڑیوں کو سہولیات فراہم کرنے کی ضرورت ہے تعلیمی سرگرمیوں کے ساتھ، ساتھ کھیلوں کی سرگرمیوں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں۔

ٹیبل ٹینس چمپئن شپ، خواتین کالج گوجر خان نے جیت لی

گوجر خان نے 2-0 سے کامیابی حاصل کر کے چمپئن ہونے کا اعزاز حاصل کیا

اسلام آباد (این این آئی) راولپنڈی بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن کے زیر اہتمام کھیلی گئی راولپنڈی بورڈ انٹر کالجیٹ گورنمنٹ ٹینس چمپئن شپ گوگرنمنٹ خواتین کالج گوجر خان نے جیت لی، پنجاب کامرس کالج فیملی راولپنڈی نے دوسری اور گورنمنٹ کالج جہلم نے تیسری پوزیشن حاصل کی، اس موقع پر سابق چیئرمین، یونین کونسل، ذلہ، پکوال سردار عارف خان مہمان خصوصی تھے، جنہوں نے کامیابی حاصل کرنے والی ٹیموں کے کھلاڑیوں میں انعامات تقسیم کیے جبکہ اسا

فروری میں منعقد کرانے کی منصوبہ بندی تیار کر رہی ہے، حیدر لہری

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان سنائٹ بال فیڈریشن قومی سنائٹ بال چمپئن شپ آئندہ ماہ فروری میں سندھ میں منعقد کرانے کی منصوبہ بندی تیار کر رہی ہے۔ گزشتہ روز پاکستان سنائٹ بال فیڈریشن کے صدر حیدر لہری نے میڈیا سے بے تکلفگر کرتے ہوئے بتایا کہ چمپئن شپ کی باقاعدہ تاریخ کا اعلان کردہ وائرس کی وباء کو مد نظر رکھتے ہوئے یکم فروری کو کیا جا سکے گا۔ انہوں نے کہا کہ ایونٹ کے سلسلہ میں یکم فروری کو آرگنائزنگ کمیٹی کا اجلاس یکم فروری کو کراچی میں ہوگا۔ جس کے بعد چیمپئن شپ منعقد کرانے کی حتمی تاریخ کا اعلان کیا جا سکے گا۔ انہوں نے کہا کہ چمپئن شپ میں شرکت کے لئے ٹوئینوں کو دعوت نامے بھیج دیے گئے ہیں۔

پلیئر آف دی ایئر پروقی ٹیم کے کپتان بابر اعظم کا خوشی کا اظہار

کراچی (این این آئی) آئی سی سی ون ڈے پلیئر آف دی ایئر بنے پروقی ٹیم کے کپتان بابر اعظم نے خوشی کا اظہار کیا ہے تصیلات کے مطابق پاکستان کرکٹ بورڈ کی جانب سے بابر اعظم کو آئی سی سی ایوارڈ دیئے جانے پر مبارکباد دی گئی۔ بابر اعظم کی جانب سے بھی آئی سی سی پلیئر آف دی ایئر منتخب ہونے پر فخر کا شکریہ ادا کیا گیا۔ قومی ٹیز کا کہنا ہے کہ خوش قسمت ہوں کہ اتنی اچھی ٹیم میرے ساتھ موجود ہے، آئی سی سی اور پی پی کا بھی شکر گزار ہوں۔ یاد رہے کہ آئی سی سی نے پلیئر آف دی ایئر کے لیے بابر اعظم، شکیب الحسن، یسن ملان اور پال اسٹرلنگ کو نامزد کیا تھا لیکن قرعہ پاکستان کے بابر اعظم کے نام نکلا۔ پلیئر آف دی ایئر پروقی ٹیم کے کپتان بابر اعظم کا خوشی کا اظہار۔

بریگیڈیئر (ر) افتخار منصور پاکستان باسکٹ بال فیڈریشن کے صدر منتخب

خالد بشیر جنرل سیکرٹری، دین محمد خزانچی بن گئے

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان باسکٹ بال فیڈریشن کی آئندہ چار سال کی مدت کیلئے نئی باڈی کی تشکیل کا مکمل عمل ہو گیا جس کے تحت متفقہ طور پر بریگیڈیئر (ر) افتخار منصور صدر، محمد خالد بشیر جنرل سیکرٹری اور دین محمد خزانچی منتخب ہو گئے۔ تفصیلات کے مطابق اولمپک ہاؤس لاہور میں ہونیوالے باسکٹ بال فیمریشن کی جنرل کونسل اجلاس میں پاکستان اولمپک ایسوسی ایشن کے ڈپٹی سیکرٹری محمد جہانگیر نے پی ادا سے کے نمائندے کی حیثیت سے اجلاس میں شرکت کی۔ جنرل کونسل اجلاس میں اعتماد کا ووٹ لینے کے بعد نئے عہدیداران کا انتخاب کیا گیا جس میں امتیاز رفیع بٹ کنٹرنر نائب صدر، نائب صدور چیمہ، چودری سفیر احمد، راشل خان بنگہ منتخب ایسوسی ایٹ سیکریٹریز میں یعقوب قادری، فقیر اعوان اور اوج ظہور شامل ہیں۔ اجلاس میں ایگزیکٹو کمیٹی کیلئے کمیٹر، حیدر آباد، فیصل آباد اور کراچی کے نمائندے شامل کرنے کی منظوری دی گئی جبکہ سلیکشن کمیٹی کرنل (ر) شجاعت علی رانا، ریاض ملک، سید مودود جعفری، ملک اعجاز اور عمران ایوان نے منتخب ہو کر بریگیڈیئر (ر) ایم افتخار منصور صدر، ایم خالد بشیر کو جنرل سیکرٹری اور دین محمد کو خزانچی منتخب کیا۔ دیگر منتخب ہونیوالے عہدیداران میں امتیاز رفیع بٹ کنٹرنر نائب صدر، نائب صدور ڈاکٹر شاہ ولی، ایم جاوید، ایم اعظم، شکیب الحسن، یسن ملان اور پال اسٹرلنگ کو نامزد کیا تھا لیکن قرعہ پاکستان کے بابر اعظم کے نام نکلا۔ پلیئر آف دی ایئر پروقی ٹیم کے کپتان بابر اعظم کا خوشی کا اظہار۔

ایکسٹونیا ٹیم، یونیفا فٹبال یوتھ کپ میں مریلا اور یوکرین کی ٹیمیں مدمقابل ہیں

ایچ بی ایل پی ایس ایل 2022 کی پلیئنگ کنڈیشنز کا اعلان

کورونا سٹیٹس منفی آ جائیں تو اس ٹیم کا میچ ہیں روکے گا، اعلامیہ پی سی بی

لاہور (این این آئی) پاکستان کرکٹ بورڈ نے 27 جنوری سے 27 فروری تک جاری رہنے والی ایچ بی ایل پی ایس ایل 2022 کی پلیئنگ کنڈیشنز کا اعلان کر دیا ہے۔ لیگ کے ساتویں ایڈیشن کے لیے پلیئنگ کنڈیشنز میں کی گئی ترامیم کے مطابق کسی کھلاڑی کا کورونا مثبت ثبت آنے کی صورت میں مذکورہ ٹیم ٹیکنیکل کمیٹی کی اجازت سے ریزرو پول میں موجود کسی بھی کھلاڑی کو متبادل کھلاڑی کی حیثیت سے اپنے اسکواڈ میں شامل کر سکتی ہے، کسی ٹیم کے کم از کم 13 کھلاڑیوں کے کورونا مثبت منفی آ جائیں تو اس ٹیم کا میچ نہیں روکے گا، ایک ایمرجنگ کرکٹر سمیت پلیئنگ الیون میں کم از کم 7 اور زیادہ سے زیادہ 8 متبادل کھلاڑی شامل ہو سکتے ہیں؛ تاہم کوویڈ 19 کا شکار ہونے کی صورت میں ٹیم کو 11 متبادل کھلاڑیوں کو بھی میدان میں اتارنے کی اجازت ہوگی، فیلڈنگ سائیڈ پر لازم ہے کہ وہ 4 انفلکٹر کے انجس اور دو مقررہ وقت میں مکمل کرے بصورت دیگر پچ سے 5 آخری اوور کے لیے اس ٹیم کو 30-یارڈ کے سرکل سے باہر ایک کھلاڑی کم کھڑا کرنے کی شرط لاگو ہوگی، فائنل کے لیے ایک دن ریزرو رکھا گیا ہے، ریزرو ڈے پر بھی میچ مکمل نہ ہو سکا تو 30 لیگ میچز کے بعد پوائنٹس ٹیبل پر اوپر رہنے والی ٹیم کو چیمپئن قرار دیا جائیگا، پی وی ایمپائر بارکاری نو بال دیکھے گا۔ تاہم کوویڈ 19 کا شکار ہونے کی صورت میں ٹیم کو 11 سے 11 متبادل کھلاڑیوں کو بھی میدان میں اتارنے کی اجازت ہوگی، فیلڈنگ سائیڈ پر لازم ہے کہ وہ 4 انفلکٹر کے انجس اور دو مقررہ وقت میں مکمل کرے بصورت دیگر پچ سے 5 آخری اوور کے لیے اس ٹیم کو 30-یارڈ کے سرکل سے باہر ایک کھلاڑی کم کھڑا کرنے کی شرط لاگو ہوگی، فائنل کے لیے ایک دن ریزرو رکھا گیا ہے، ریزرو ڈے پر بھی میچ مکمل نہ ہو سکا تو 30 لیگ میچز کے بعد پوائنٹس ٹیبل پر اوپر رہنے والی ٹیم کو چیمپئن قرار دیا جائیگا، پی وی ایمپائر بارکاری نو بال دیکھے گا۔

اٹلی، الپائن سکی ویمن ورلڈ کپ میں سویٹزرلینڈ کی مشیل گیسن مہارت کا مظاہرہ کر رہی ہیں

بقیہ 1

چیف جسٹس پاکستان گلزار احمد نے ان سے حلف لیا۔ حلف برداری کی تقریب میں سپریم کورٹ کے جج، اٹارنی جنرل، اور وکلاء کی بڑی تعداد شریک ہوئی۔جسٹس عاشمہ کاٹھ 2031 تک سپریم کورٹ میں فرائض سرانجام دیں گی، اس دوران وہ ممکنہ طور پر پہلی خاتون چیف جسٹس پاکستان بننے کا اعزاز بھی حاصل کرسکتی ہیں۔جسٹس عاشمہ کاٹھ 3 جون 1966 میں پیدا ہوئیں، انہوں نے خاتون کی تعلیم حاصل کرنے کے بعد 1997 میں وکالت شروع کی۔جسٹس عاشمہ کاٹھ 27 مارچ 2012 کو لاہور ہائیکورٹ تعینات ہوئیں، 8 جولائی 2021 کو لاہور ہائیکورٹ کی جسٹس عاشمہ کاٹھ نے تقریباً 10 سال فرائض سرانجام دیے۔جوڈیشل کمیشن نے 6 جنوری 2022 کو جسٹس عاشمہ کاٹھ کی تعیناتی کی۔سفارش کمیٹی برائے جوڈیشل کمیشن کی سفارش کے بعد پارلیمانی مشاورتی دفتر کی جانب سے ان کی تعیناتی کی سمری منظوری دی تھی۔21 جنوری 2022 کو وزارت قانون و انصاف نے جسٹس عاشمہ کاٹھ کو بطور سپریم کورٹ جج تقرری کا نوٹیفکیشن جاری کیا تھا، صدر مملکت عارف علوی نے جسٹس عاشمہ کاٹھ کی تعیناتی کی منظوری دی تھی۔صدر مملکت نے آئین کی آرٹیکل 177 کی شق 1 کے تحت اپنی طے کردہ تقرری کی منظوری دی تھی۔سپریم کورٹ میں مقررہ 17 ججوں میں سے جسٹس شیر عامر کیانی 17 اگست کو ریٹائرمنٹ کے بعد خالی ہونے والی نشست پر جسٹس ہائیکورٹ کی تعیناتی عمل میں آئی۔3۔جون 1966 زندہ دلان لاہور میں پیدا ہوئے والی جسٹس عاشمہ کاٹھ نے ابتدائی تعلیم پیرس اور نیدرلاک سے حاصل کیں اور پھر کراچی گرامر اسکول سے سیکنڈری تعلیم مکمل کیا۔انہوں نے لاہور میں پاکستان کا ٹاپ آف لا قانون کی تعلیم حاصل کی اور پھر ایل ایل بی کرنے کے لیے بلاورڈ لا اسکول کیمبرج، ہارورڈ یونیورسٹی، امریکا گئیں۔2012 میں لاہور بار کونسل کی ٹاپ تعینات ہوئیں اور اس وقت وہ پچھلی سینئر ترین جج کے طور پر کام کررہی ہیں۔دوسری جانب چیف جسٹس آف پاکستان جسٹس گلزار احمد نے ایک کانفرنس سلائٹ ایلی طابیت کی بنیاد پر جج بنی ہیں۔چیف جسٹس پاکستان گلزار احمد نے کہا کہ ہم سب جج کیریئر کیلئے نہیں گئے۔

بقیہ 2

والدین بھی موجود تھے۔چیف سیکرٹری بلوچستان نے میڈیا کلچر کا مجرٹ عطاء وطالبات سے پی ایم سی کے مجوزہ مثبت سے متعلق ان تحفظات سے۔ طلباء وطالبات سے تعلق رکھتے ہوئے چیف سیکرٹری بلوچستان نیکیا کہ تمام اسٹوڈنٹس صوبے کا ہیں اور ہم سب کو اپنا استقبل بہتر مرزیز ہیں اور ہم سب کو اپنا استقبل بہتر مرزیز ساتھ کسی بھی قسم کی اقتیازی سلوک نہ نہیں دیا جائے گا۔ انہوں طلباء وطالبات کو یقین دلایا کہ ان کے تحفظات کو پورا کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ ہم نے آج کا اجتماع کا اہتمام کیا ہے تاکہ ہم ایک دوسرے کا نقطہ نظر سن سکیں۔ چیف سیکرٹری نے طلباء کے وفد کو یقین دلایا کہ ایچ ایچ سی کا قیام ہوگا۔ افغانستان میں مائیں اپنے بچے پیچھے چھوڑ رہی ہیں، سیاست کو بھلا کر سب کو بکا ہوا افغانوں کی مدد کرنی چاہیے۔ ریحام خان نے کہا کہ سیاسی شوشوں کو مسلیں کر کے ہم افغانوں کی مدد کرنے کے لئے آئے ہیں۔

بقیہ 4

بارخان موبی ٹیل کی زیر صدارت دو گھنٹے کی تاخیر سے شروع ہوا۔ اجلاس کے آغاز پر چیئرمین کی ایک رپورٹ پیش کی گئی جس میں تعلق رکھنے والے سید فیراللہ اور ان کے اثثاثہ نہ کے بارے میں فاتح خوانی کی استدعا کی گئی جو کہ شہر کو خوشبو دار بنا چکی ہیں جن کی تعداد 3 ہزار 7 سو 2 ہے۔ دوران اجلاس ایک رپورٹ پیش کی گئی جس میں پیش کی گئی جس میں کہا گیا کہ ہم نے کراچی کے ایک ہی گھر سے چار جنازوں کی اطلاع دی ہے۔ اس شہر کو دو روز حادثات کے بعد ہی پھیلے دنوں پھر بیس منٹ کے بعاثی کی

حکومت کسان دشمن پالیسی پر عمل پیرا ہے، چنگیز جمالی

زرعی شعبے کو غیر مستحکم کرنے کیلئے ملک بھر میں یوریا کھاد کا بحران پیدا کیا گیا

ساڑھے تین سالوں میں خوشحال ملک کو دیوالیہ کرنے کے قریب تر پہنچا دیا گیا ہے، صدر پیپلز پارٹی بلوچستان

ڈیرہ اللہ یار (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کی مرکزی کال پر حکومت کی کسان کش پالیسی کے خلاف ڈیرہ اللہ یار میں بھی ٹریکٹر ٹرالی نکالی گئی ریلی میں جمالی اور ضلعی صدر سید عبداللہ شاہ کی قیادت میں شرکت ریلی شہر کے مختلف راستوں سے ہوتی ہوئی مرکزی چوک پر پہنچی جہاں پر جلسہ کیا گیا اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے پی پی پی بلوچستان کے صوبائی صدر میر چنگیز خان جمالی صدر سید عبداللہ شاہ و دیگر نے کہا ہے کہ حکومت کسان دشمن پالیسی پر عمل کر رہی ہے۔ حکومت کسانوں کو خوار کر رہی ہے۔ جمالی

بتایا کہ حکومت کسانوں کو کھاد کی بوری 1800 روپے میں دینے کا وعدہ کر کے 2400 روپے میں بیچ رہی ہے۔